# سالانہ رپورٹ

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

و

## منسلک انجمنیں

برائے سال 2004ء۔2003ء

مرتب:

محمود عالم میاں

© rasailojarai
© rasailojarai
© rasailojarai

# اشاریہ (INDEX)


| صفحہ | تفصیل |
|---|---|
| 49 | شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ |
| 49 | اکیڈمک ونگ |
| 49 | شعبہ مطبوعات |
| 53 | شعبہ تدریس |
| 55 | شعبہ تحقیق اسلامی کا قیام |
| 59 | شعبہ انگریزی |
| 60 | قرآن اکیڈمی لائبریری |
| 62 | مکتبہ خدام القرآن |
| 64 | شعبہ خط و کتابت کورسز |
| 67 | شعبہ سمع و بصر |
| 72 | قرآن کالج لاہور |
| 75 | قرآن کالج ہاسٹل |
| 79 | شعبہ خواتین |
| 81 | دورہ ترجمہ قرآن و جامع القرآن |
| 82 | صدر مؤسس کا ہفتہ وار درس قرآن |
| 82 | ایڈمن |
| 83 | اکاؤنٹس اینڈ کیش سیکشن |
| 84 | بیلنس شیٹ اور مالی گوشوارے |
| 87 | منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ |


© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

## اکیڈمک ونگ

اکیڈمک ونگ کے بڑھتے ہوئے کام کے پیشِ نظر جولائی 2003ء میں اکیڈمک ونگ کو bifurcate کر کے دو بڑے شعبوں میں تقسیم کر دیا گیا:

(1) شعبہ مطبوعات (Publication Wing)

(2) شعبہ تدریس (Educational Wing)

© rasailojaraid.com

بعد ازاں اکیڈمک ونگ میں شعبہ تحقیق اسلامی کا اضافہ ہوا۔ یہ تینوں شعبے ڈائریکٹر اکیڈمی کے زیر نگرانی کام کر رہے ہیں اور ان کے انچارج حضرات بالترتیب حافظ خالد محمود خضر' حافظ محمد رشید ارشد اور حافظ عاطف وحید ہیں۔

## o شعبہ مطبوعات (Publication Wing)

سال 2003-04ء کے دوران شعبہ مطبوعات کو معروف دانشور اور اہل قلم سید قاسم محمود صاحب کی خدمات بطور مدیر اعلیٰ حاصل رہیں۔

شعبہ مطبوعات کے تحت اس وقت دو ذیلی شعبے (Sections) کام کر رہے ہیں:

(1) شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

(2) شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)

### (1) شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

مکتبہ خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام شائع ہونے والے اردو جرائد (ماہنامہ میثاق' ماہنامہ حکمت قرآن' ہفت روزہ ندائے خلافت اور پندرہ روزہ خبر نامہ مرکزی انجمن) کے جملہ ادارتی امور' مثلاً مضامین کی تالیف اور ترتیب (editing)' محترم صدر مؤسس کے

© rasailojaraid.com

دروسِ قرآن اور خطابات کو ٹیپ سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کر کے انہیں مرتب کرنا' محترم ڈائریکٹر اکیڈمی کے خطاباتِ جمعہ کی تلخیص تیار کرنا' مرکزی انجمن اور تنظیم اسلامی کے اہم پروگراموں کی رپورٹنگ اور مضامین کی پروف ریڈنگ وغیرہ جیسے امور اس شعبہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ ہر ماہ دو ماہانہ جرائد (میثاق اور حکمت قرآن) اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے چار شماروں کے علاوہ مرکزی انجمن کے پندرہ روزہ خبرنامہ کی اشاعت کا اہتمام کرتا ہے۔

مزید برآں مکتبہ خدام القرآن کے زیر اہتمام شائع ہونے والی جملہ کتب (نئی یا پرانی) کی تیاری اور ان کی اشاعت کی ذمہ داری بھی اسی شعبے پر ہے۔ چنانچہ یہ شعبہ نئی کتابوں کی ترتیب و تدوین' ان میں آنے والی احادیث کی تخریج' پرانی کتابوں کی حسب ضرورت نظر ثانی اور editing کے بعد نئی کمپوزنگ اور نئے ایڈیشنز کی اشاعت کے وقت ان کی اغلاط کی تصحیح جیسے جملہ امور اپنے مختصر عملے کے ساتھ بحسن و خوبی انجام دے رہا ہے۔

2003-04ء کے دوران شعبہ کی کارکردگی کا مختصر سا جائزہ درج ذیل ہے:

☆ رسائل و جرائد

**میثاق**: جولائی 2003ء تا جون 2004ء کے دوران ماہنامہ میثاق کے 12 شمارے باقاعدگی سے شائع ہوئے۔ جنوری 2004ء سے میثاق کے صفحات 80 سے بڑھا کر 96 کر دیئے گئے۔ نیز کمپوزنگ کا پوائنٹ 15 سے 14 کیا گیا۔ چنانچہ اب میثاق کے صفحات میں پہلے سے قریباً ڈیڑھ گنا مواد موجود ہوتا ہے۔ اس طرح موضوعات کے تنوع کے ساتھ مضامین کی تعداد میں اضافہ ممکن ہوا ہے۔

اپریل 2004ء میں میثاق کا خصوصی شمارہ بعنوان ''موجودہ عالمی حالات کے پس منظر میں اسلام اور پاکستان کا مستقبل'' شائع کیا گیا۔

**حکمت قرآن**: اس عرصے کے دوران حکمت قرآن کے 11 شمارے شائع ہوئے۔ ماہ نومبر و دسمبر 2003ء کا 112 صفحات پر مشتمل مشترکہ شمارہ شائع کیا گیا' جس میں مرکزی انجمن کی سالانہ رپورٹ برائے سال 03-2002ء اور جنوری 2002ء تا دسمبر 2003ء کے دوران شائع ہونے والے مضامین کا اشاریہ بھی شامل اشاعت کیا گیا۔

**ندائے خلافت**: ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں باقاعدگی رہی۔ تاہم عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی تعطیلات کے باعث دو شماروں کا ناغہ کیا گیا۔ سال 2003ء

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

کے آخری شمارے میں پہلی بار سال بھر میں شائع ہونے والے مضامین کا اشاریہ شامل اشاعت کیا گیا۔ 14/اگست 2003ء کو ''نظریہ پاکستان نمبر'' کے عنوان سے ندائے خلافت کی خصوصی اشاعت شائع کی گئی۔ 90 صفحات پر مشتمل اس خصوصی نمبر کو علمی وادبی حلقوں میں بہت سراہا گیا۔

**خبرنامہ مرکزی انجمن** : ستمبر 2003ء کے دوران مرکزی انجمن خدام القرآن کی دعوتی وانتظامی سرگرمیوں پر مشتمل پندرہ روزہ ''خبرنامہ'' کا اجراء کیا گیا۔ اب تک اس سلسلہ کے متعدد شمارے شائع ہو چکے ہیں۔

## ☆ اشاعت کتب

(1) توحید عملی: محترم صدر مؤسس حفظہ اللہ کے خطاب اور درسِ قرآن پر مشتمل یہ کتاب ایک عرصہ سے آؤٹ آف پرنٹ تھی۔ اسے نظر ثانی کے بعد کمپیوٹر کمپوزنگ اور نئے گیٹ اپ کے ساتھ شائع کیا گیا۔

© rasailojaraid.

(2) پیام اقبال بنام نوجوانانِ ملت: ندائے خلافت کے خصوصی شمارے کو نظر ثانی کے بعد کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔

(3) ''پاک بھارت مفاہمت اور مسئلہ کشمیر'' کے عنوان سے ایک نیا کتابچہ شائع کیا گیا۔

(4) ''پاکستان کے وجود کو لاحق خطرات و خدشات اور بچاؤ کی تدابیر'' — میثاق کی اشاعت خصوصی برائے اپریل 04ء میں شائع ہونے والے محترم صدر مؤسس کے ایک مضمون کو کتابچے کی صورت میں شائع کیا گیا۔

مزید برآں مکتبہ خدام القرآن کی ڈیمانڈ کے مطابق مندرجہ ذیل کتب کے نئے ایڈیشن شائع کئے گئے۔

(5) راہ نجات ..... سورۃ العصر کی روشنی میں

(6) مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب

(7) قرآن حکیم کی سورتوں کا اجمالی تجزیہ

(8) مذہبی جماعتوں کا باہمی تعاون اور تنظیم اسلامی

(9) منہج انقلابِ نبویؐ

(10) قرضوں کی جنگ

(11) علامہ اقبال کی آخری خواہش

© rasailojaraid.

(12) پاکستان میں نظامِ خلافت
(13) شہید مظلوم رضی اللہ عنہ
(14) ایک اصلاحی تحریک
(15) اسلام کا معاشی نظام
(16) زندگی' موت اور انسان —— آئینہ قرآنی میں
(17) سابقہ اور موجودہ مسلمان اُمتوں کا ماضی' حال اور مستقبل
(18) قرب الٰہی کے دو مراتب
(19) اسلام کی نشاۃ ثانیہ' کرنے کا اصل کام
(20) تنظیم اسلامی کی دعوت
(21) عیسائیت اور اسلام
(22) مولانا مودودی مرحوم اور میں
(23) عید الاضحیٰ اور فلسفۂ قربانی
(24) ترتیل القرآن
(25) شیعہ سنی مفاہمت
(26) آسان عربی گرامر (حصہ دوم)
(27) آسان عربی گرامر (حصہ سوم)
(28) مثیل عیسیٰ علی مرتضیٰ
(29) دنیا کی عظیم ترین نعمت —— قرآن حکیم
(30) اسلام میں عورت کا مقام
(31) قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں
(32) اسلامی نظم جماعت میں بیعت کی اہمیت
(33)The Obligations Mulsim owe to the Quran.
(34)Tragedy of Karbala.

نیز الہدیٰ کیسٹ سیریز کے متعدد کتابچے شائع کیے گئے۔

### ☆ فقہی راہنمائی

یہ کام اگرچہ شعبہ تصنیف و تالیف کو تفویض کردہ امور میں شامل نہیں ہے تاہم بہت سے حضرات فقہی مسائل معلوم کرنے کے لئے بالمشافہ اور بذریعہ ٹیلی فون رجوع کرتے ہیں' نیز

© rasailojaraid
© rasailojaraid

ای میل کے ذریعے بہت سے استفسارات کیے جاتے ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ فقہی امور میں راہنمائی کا فریضہ بھی مقدور بھر سرانجام دیتا ہے۔

## (2) شعبہ کتابت وطباعت' بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ

ماہنامہ میثاق' ماہنامہ حکمت قرآن' ہفت روزہ ندائے خلافت' پندرہ روزہ خبر نامہ مرکزی انجمن' جملہ کتب' سوالنامے' ہینڈ بلز' اخباری اشتہارات' پوسٹرز' سرکلرز اور آفس سٹیشنری وغیرہ کی کمپیوٹر کمپوزنگ اور کاپی پیسٹنگ کے علاوہ طباعت سے متعلق جملہ امور یہ شعبہ سرانجام دیتا ہے۔ نیز اخبارات کو بھیجے جانے والے مضامین اور محترم صدر مؤسس کے مکاتیب وغیرہ کی کمپوزنگ بھی اسی شعبہ کی ذمہ داری ہے۔ ان تمام امور کی انجام دہی کے لئے شعبہ کے پاس تجربہ کار اور مستعد سٹاف موجود ہے۔

# o شعبہ تدریس (Educational Wing)

© rasailojaraid

## ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس

ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس' جس کا دورانیہ اب گھٹا کر نو ماہ کر دیا گیا ہے' کا اصل مقصد یہ ہے کہ ایسے حضرات کو جو بی اے اور ایم اے تک دنیوی تعلیم حاصل کر چکے ہوں' ان بنیادی علوم سے مسلح کر دیا جائے جو قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے اور فہم دین کے حصول کے لئے ضروری ہوں۔ گویا نو ماہ کے عرصے میں طلبہ کو (i) اتنی عربی پڑھا دی جائے کہ عربی زبان کے بنیادی قواعد پر انہیں بہت حد تک عبور حاصل ہو جائے' تا کہ پھر کچھ مزید اضافی محنت اور وقت لگا کر وہ یہ استعداد حاصل کر لیں کہ قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے اس کا مفہوم بھی انہیں ساتھ ساتھ سمجھ میں آتا چلا جائے اور قرآن حکیم سے ہدایت ونصیحت اخذ کرنے کے لئے انہیں کسی ترجمے کا مرہون منت نہ ہونا پڑے۔ (ii) تجوید کے بنیادی قواعد سکھا کر اتنی مشق کرا دی جائے کہ وہ قرآن کو صحیح طور پر پڑھ سکیں۔ (iii) قرآن حکیم کے منتخب نصاب کا مطالعے اور تدریس کے ذریعے دین کا صحیح اور جامع تصور واضح انداز میں پیش کیا جائے تا کہ طلبہ پر یہ واضح ہو جائے کہ ہمارا دین کیا ہے' وہ ہم سے کیا چاہتا ہے اور یہ کہ دینی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی عملی صورت کیا ہو سکتی ہے۔ (iv) علمِ حدیث کے بنیادی اصولوں سے اور علم فقہ کی مبادیات سے طلبہ کو روشناس کرا دیا جائے تا کہ پھر آئندہ زندگی میں وہ اپنی اپنی ہمت اور استعداد کے مطابق ان اہم دینی علوم میں پیش رفت کر سکیں اور وہ اپنے دینی علم کے دائرے کو

© rasailojaraid

مزید وسیع کر سکیں۔ (v) طلبہ میں اس بات کی اہلیت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے کہ وہ قرآن حکیم کے پیغام کو اور رجوع الی القرآن کی دعوت کو دوسروں تک پہنچا سکیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے مطابق کہ ((خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ)) "تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں" وہ تعلیم و تعلم قرآن کے مبارک کام کو آگے بڑھانے کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔

یہ کورس یکم ستمبر سے 30 مئی تک منعقد ہوتا ہے۔ الحمد للہ اب تک نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی ممالک مثلاً امریکہ، کینیڈا، برطانیہ اور مشرقِ وسطیٰ سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں گریجویٹس، ڈاکٹرز، انجینئرز، پی ایچ ڈیز اور دوسرے پڑھے لکھے افراد اس کورس سے استفادہ کر چکے ہیں۔

کورس کی تدوین و تشکیل کے لئے مناسب اقدامات، اساتذہ کی فراہمی، کورس کی تشہیر و اشاعت، پراسپکٹس کی تیاری و تقسیم اور کلاس کے انتظامی امور کی نگرانی وغیرہ جیسے تمام امور اسی شعبہ کے ذمہ ہیں۔ سال 2003-04ء کے دوران اس کورس کے آغاز میں مرد شرکاء کی تعداد 48 اور خواتین کی تعداد 28 تھی، جبکہ اس کورس میں اس سال کے آخری وقت تک 28 مرد حضرات اور 23 خواتین شامل رہی ہیں، جن میں 17 مرد حضرات نے کورس مکمل کیا اور 11 نے جزوقتی شرکت کی۔ اس طرح 15 خواتین نے کورس مکمل کیا اور 8 نے جزوقتی شرکت کی۔

اس سال یہ کورس الحمد للہ بڑی پابندی سے جاری رہا اور 30 مئی 2004ء بروز اتوار صدر مؤسس کے درسِ قرآن کے اختتام پر جلسہ تقسیم اسناد کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

کورس کے نگران رشید ارشد صاحب نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض انجام دیئے اور دورانِ تعلیم پیش آنے والے واقعات بیان فرمائے۔ نیز تمام اساتذہ کرام کا بھی شکریہ ادا کیا کہ ان حضرات نے یہ ساری خدمت فی سبیل اللہ انجام دی۔

شرکاء کورس میں سے تین حضرات نے کورس کے بارے میں اپنی آراء حاضرین کو سنائیں جو کہ رقت آمیز ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ولولہ تازہ پیدا کرنے والی تھیں۔ ان حضرات کے واقعات سننے کے بعد یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آج بھی نصرتِ خداوندی شامل حال ہو سکتی ہے اگر ہمت کی جائے اور اپنے اندر قناعت کا جذبہ پیدا کیا جائے۔

مرد حضرات میں سے محسن محمود نے اوّل پوزیشن حاصل کی جو کہ محترم محمود عالم میاں صاحب کے فرزند اور صدر مؤسس کے نواسے ہیں۔ اس طرح خواتین میں عفیفہ

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

عبدالخالق نے اوّل پوزیشن حاصل کی۔ یہ ڈاکٹر عبدالخالق صاحب کی صاحبزادی اور صدر مؤسس کی نواسی ہیں۔

تمام شرکائے کورس کو صدر مؤسس نے اپنے دست مبارک سے اسناد تقسیم فرمائیں اور دعائے خیر پر یہ محفل اختتام پذیر ہوئی۔

## تدریسی سرگرمیاں

### ☆ عربی گرامر / ترجمہ قرآن کریم کلاس

اس سال کے دوران یہ کلاس جناب عمیر افضال صاحب نے پڑھائی۔ کلاس کے آغاز میں شرکاء کی تعداد پچاس سے متجاوز تھی۔ کورس کے اختتام پر شرکاء کی تعداد 10 رہی۔

### ☆ فہم قرآن کورس

اس کورس میں عربی گرامر، ترجمہ قرآن اور تجوید قرآن کی تدریس ہوئی۔ مدرسین بالترتیب محمود حماد، حافظ محسن محمود اور حافظ عبد اللہ واحد تھے۔ کلاس کے آغاز میں شرکاء کی تعداد 17 تھی جبکہ کورس کی تکمیل 7 افراد نے کی۔

© rasailojaraid

### ☆ عربی گرامر / عربی ریڈر کلاس

یہ کلاس تقریباً پورا سال جاری رہی۔ یہاں مدرس انجینئر محمد علی صاحب تھے۔ اس کلاس میں شرکاء کی تعداد قریباً 8 سے 10 افراد رہی۔

### ☆ رجوع الی القرآن کورس، حصہ دوم

رجوع الی القرآن کورس حصہ دوم کی پلاننگ، کورس اور اساتذہ وغیرہ کے تعین کے لئے متعدد میٹنگز ہوئیں اور یہ طے کیا گیا کہ کورس کا آغاز ان شاء اللہ اگلے سال سے کیا جائے گا۔

## ○ شعبہ تحقیق اسلامی کا قیام

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے مقاصد میں قرآنِ حکیم کے آفاقی پیغام اور علوم کی وسیع پیمانے پر نشر و اشاعت اور حکمتِ قرآنی کا فروغ سرفہرست ہیں۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے مرکزی انجمن کے تحت ''قرآن اکیڈمی'' کا قیام اوّل روز سے پیش نظر تھا۔

© rasailojaraid

مرکزی انجمن کا قیام 1972ء میں عمل میں آیا تھا اور 1976ء سے قرآن اکیڈمی کی تعمیر کا آغاز ہو گیا تھا‘ جس کا پہلا مرحلہ جو مجوزہ مسجد کے بیسمنٹ اور ایک رہائشی بلاک پر مشتمل تھا‘ جنوری ۱۹۷۷ء میں مکمل ہوا اور انجمن کا مرکزی دفتر 12-افغانی روڈ سمن آباد سے قرآن اکیڈمی (36۔ کے‘ ماڈل ٹاؤن) منتقل ہوا ـــــ یوں قرآن اکیڈمی اور مرکزی انجمن خدام القرآن مترادف الفاظ کے طور پر استعمال ہونے لگے ـــــ اس لئے کہ انجمن کا مرکزی دفتر بھی وہی تھا‘ اور ایک طویل عرصے تک خدمت قرآنی کے ضمن میں مرکزی انجمن کی تمام سرگرمیوں کا مرکز ومحور بھی یہی مقام تھا۔ بعد میں قرآن آڈیٹوریم اور قرآن کالج کی تعمیر کے بعد یہ معاملہ منقسم ہو گیا۔

بحمد اللہ‘ خدمت قرآنی کے ضمن میں مرکزی انجمن خدام القرآن اور اس کے صدر مؤسس‘ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی مساعی کو اللہ تعالیٰ نے شرف قبول بخشا اور محدود وسائل کے ساتھ شروع ہونے والا یہ چھوٹا سا ادارہ دیکھتے ہی دیکھتے ایک تناور درخت کی شکل اختیار کر گیا اور ملک کے طول وعرض میں ہی نہیں‘ بیرون پاکستان بھی ’’خدمت قرآنی‘‘ کا ایک سمبل بن گیا۔ کام کا حجم بڑھنے کے ساتھ ساتھ اس میں نئے نئے شعبے وجود میں آتے گئے اور ایک فطری تدریج کے ساتھ اکیڈمی کی تعمیرات میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔ اب تک مرکزی انجمن کے انتظامی شعبوں یعنی ایڈمن اور اکاؤنٹس کے ساتھ ساتھ مکتبہ انجمن‘ شعبہ سمع وبصر‘ شعبہ تصنیف وتالیف‘ شعبہ مطبوعات‘ کمپیوٹر سیکشن‘ شعبہ تدریس اور شعبہ خط وکتابت کورس وجود میں آچکے ہیں‘ جو مل جل کر مرکزی انجمن کے پیش نظر اہداف کے حصول کے لئے مؤثر انداز میں سرگرم عمل ہیں۔ ابتدائی درجے میں علمی وتحقیقی کام قبل ازیں شعبۂ تصنیف وتالیف اور شعبہ مطبوعات کے تحت بھی ہو رہا تھا‘ جس کے لئے میدان ہموار کرنے کی خاطر شعبہ تدریس اپنا رول عمدگی سے ادا کر رہا ہے‘ لیکن ضرورت محسوس ہوتی تھی کہ علمی وتحقیقی کام کے لئے ایک علیحدہ بھرپور شعبہ تشکیل دیا جائے جو قرآن اکیڈمی کے تکمیلی مقاصد کے لئے مؤثر انداز میں کام کرے۔ بحمد اللہ اس سال ماہ اپریل سے اس شعبے کے لئے ضروری وسائل مہیا ہونے پر‘ جن میں اہم ترین معاملہ مناسب افراد کی دستیابی کا تھا‘ شعبہ تحقیق اسلامی کے نام سے اس شعبے کا قیام عمل میں لے آیا گیا ہے‘ جس کی ضرورت کا احساس بہت پہلے سے تھا‘ اور جس کے بغیر قرآن اکیڈمی کا تصور ادھورا تھا۔ اس کام کے انچارج کے طور پر جناب حافظ عاطف وحید صاحب‘ جو انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ اسلامی اقتصادیات

© rasailojaraid.

میں بطور استاد خدمات سرانجام دے رہے تھے' کی خدمات ڈیپوٹیشن پر حاصل کی گئی ہیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ یہ شعبہ اسلام اور قرآن کے حوالے سے علمی تحقیق کا کام وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر اس طور سے انجام دے سکے کہ دین کی حقیقی روح کسی پہلو سے بھی مجروح نہ ہو اور عالمی سطح پر احیاءِ اسلام کے ہمہ گیر کام کی راہ بھی اس کے ذریعے سے ہموار ہو سکے۔

شعبہ تحقیق اسلامی کی اہمیت کے پیشِ نظر قرآن اکیڈمی میں ہاسٹل بلاک کی پہلی منزل مکمل طور پر اس شعبے کے دفاتر کے لئے مختص کر دی گئی ہے۔ ان دفاتر میں ان شاء اللہ وہ تمام سہولتیں میسر کر دی جائیں گی جو تحقیق و تصنیف کے کام کے لئے ضروری ہیں' تا کہ ریسرچ کرنے والے سکالرز بغیر کسی رکاوٹ کے اپنا کام جاری رکھ سکیں۔

ذیل میں شعبہ تحقیق اسلامی کے اغراض و مقاصد کا وہ اجمالی خاکہ ہدیہ قارئین کیا جا رہا ہے جو شعبہ کے قیام کے موقع پر بطور ہدف مرتب کیا گیا۔

## (1) بحث و تحقیق

© rasailojaraid

یہ اس شعبے کا سب سے نمایاں اور ہدف کے اعتبار سے سب سے بلند کام ہے۔ اس کے ذیل میں دعوت اسلامی کا وہ عظیم کام مقصود ہے جسے قرآنی الفاظ میں ﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ ...﴾ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یعنی امت کے ذہین اور تعلیم یافتہ طبقے کو حکمتِ قرآنی کے ذریعے دین کی دعوت پہنچائی جائے اور دین کی حقانیت اور فکرِ اسلامی کے عُلو کو ہدایتِ قرآنی کی روشنی میں مؤکد اور مدلل انداز میں پیش کیا جائے۔ اس مقصد تک رسائی کے لئے اُن لادینی اور ملحدانہ نظریات کا مؤثر اور مدلل ابطال بھی ضروری ہے جو جاہلیت جدیدہ اور جاہلیت قدیمہ کی صورت میں آج کے انسان کو آسمانی ہدایت سے دور کرنے اور عقیدہ و عمل کے زوال کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ یہ بات پیش نظر رہے کہ ہمارے تجزیئے کے مطابق متذکرہ بالا جاہلیت ہائے قدیمہ و جدیدہ چونکہ آج مسلمانوں کی عظیم اکثریت کے عقیدے کو مسموم اور علومِ معاشرت و معیشت و سیاست کو الحاد' مادہ پرستی اور ہوس پرستی سے آلودہ کئے ہوئے ہیں' لہٰذا ان کا رد کئے بغیر نہ احیاءِ اسلام کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے اور نہ ہی اس خاطر کی جانے والی مساعی مؤثر ثابت ہو سکتی ہیں۔

## (2) اسلام کے انقلابی فکر کی تشریح و توضیح:

ہم یعنی وابستگان انجمن خدام القرآن و تنظیم اسلامی' محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب

© rasailojaraid

مدظلہٗ کی اُس انقلابی فکر کے امین ہیں جو احیاءِ دین اور تجدیدِ دین کے حوالے سے اب ایک مکمل نظریے کے طور پر جانی پہچانی جاتی ہے۔ دورِ نبوی ﷺ اور دورِ خلافتِ راشدہ میں دین کا انقلابی یا حرکی پہلو اصلاً اسی انقلابی تحریک کا نام تھا جو نبی اکرم ﷺ اور ان کے صحابہ ؓ نے برپا کی' اور جس کے نتیجے کے طور پر وہ اسلامی ریاست وجود میں آئی جو انسانیت کے لئے اجتماعی سطح پر شرف وحجت کا باعث بنی۔ البتہ اس کے بعد رفتہ رفتہ اسلام کے سیاسی زوال کے نتیجے میں یہ انقلابی فکر یا دین کا یہ حرکی تصور نہ صرف مسلمانوں کی نگاہوں سے اوجھل اور ذہنوں سے محو ہوتا چلا گیا بلکہ اس کے عدم وجود کے سبب اس کا التزام ایک اضافی بلکہ غیر ضروری تصور بن گیا۔ اسلام کے اس انقلابی فکر کو حیاتِ نو نصیب ہوئی پچھلی صدی کے دوران جب عالمِ اسلام پر سے بلاواسطہ استعماریت کا خاتمہ قریب ہوا اور اسلام سیاسی اعتبار سے زوال کی انتہا کو پہنچ کر ایک مرتبہ پھر سر اٹھانے کے قابل ہوا۔ یہ وہ دور تھا جب برصغیر کے مسلمانوں میں احیاءِ اسلام کی روح بیدار کرنے کے لئے اللہ نے اس خطے میں کئی نابغہ شخصیات پیدا کیں۔ اِن میں فکرِ اسلامی کی تجدیدِ نو اور اسلام کے بحیثیتِ دین احیاء کے حوالے سے علامہ محمد اقبال اور مسلمانوں کی حریت وآزادی اور اس کی عملی تگ ودو کے حوالے سے حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کا نام سرِفہرست ہے۔ اِن مشاہیر اور اِن جیسے دوسرے اکابرین نے اسلام کے محدود مذہبی تصور کی نفی کرتے ہوئے مسلمانانِ برصغیر کو ''اسلام بطور دین'' اور ''اسلام بطور مکمل ضابطۂ حیات'' کا درس دیا۔ یہ وہ انقلابی تصورِ اسلام ہے جو انسانی زندگی کے انفرادی پہلوؤں کے ساتھ ساتھ اجتماعی گوشوں پر بھی محیط ہے۔ یہی وہ انقلابی فکر ہے جسے محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مدظلہٗ نے سابقہ نصف صدی سے زائد عرصہ کے دوران نہ صرف مُلک کے کونے کونے میں' بلکہ زمین کے طول وعرض میں بھی دعوت قرآنی اور حکمت قرآنی کی ترویج کے ذریعے پھیلایا ہے' عام کیا ہے' اور ہر دردِ دل رکھنے والے کو اس کی طرف پکارا ہے۔ اب یہ فکر اس بات کی متقاضی ہے کہ بڑی تعداد میں اس کے علمبردار پیدا ہوں' اسے آگے بڑھایا جائے' دلائل کے ذریعے مؤکد کیا جائے اور آج کی زبان اور اصطلاحات میں پیش کیا جائے تاکہ بالآخر احیاءِ اسلام کی راہ ہموار ہو سکے۔ مجوزہ شعبۂ تحقیق اسلامی کے سامنے جو مقاصد ہیں ان میں یہ کام بھی انتہائی اہمیت کا ہے۔

اسلام کے اس انقلابی فکر کی جہاں مدح وستائش اور قبولیت ہوئی وہیں اسے مختلف انداز میں مخالفت اور تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا ہے۔ اس مخالفت اور تنقید میں ظاہر ہے کہ وہ حملے تو

© rasailojaraid.com

سرے سے قابلِ التفات نہیں ہیں جو اس فکر کو ایک potential danger سمجھتے ہوئے کبھی سرکاری اور کبھی غیر یا نیم سرکاری حلقوں کی جانب سے کئے گئے ہیں۔ البتہ بعض حلقوں کی طرف سے ایسی تنقیدیں اور اشکالات بھی پیش کئے گئے ہیں جو بظاہر علمی نوعیت کے ہیں' یا جن میں اعتراض کرنے والوں کا انداز ناصحانہ اور مخلصانہ ہے۔ ایسے اشکالات اور تنقیدوں کا علمی محاکمہ اور ان کا جواب دینا اس انقلابی تحریک کی بہرحال ضرورت ہے۔ یہ شعبہ ان شاء اللہ اس مقصد کے حصول کے لئے بھی کام کرے گا۔

## (3) دینی و تحریکی آگاہی:

متذکرہ بالا احیائی و انقلابی فکر سے متاثر ہونے والے افراد میں زیادہ تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو سوچنے سمجھنے والے بھی ہیں اور دنیوی اعتبار سے تعلیم یافتہ بھی۔ ایسے لوگوں کا ذہن متجسسانہ (inquisitive) ہوتا ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان کے ذہنوں میں اُٹھنے والے سوالات اور اشکالات کا مدلل اور منطقی انداز میں جواب دیا جائے۔ وہ جاننا چاہتے ہیں کہ حلال کیا ہے اور حرام کیا ہے۔ ان کی معاش' معاشرت' اخلاق' اور ترجیحات کو آج کے انتہائی مشکل دور میں کیسا ہونا چاہئے؟ دین کی دعوت کے کیا آداب ہیں؟ جماعتی زندگی کی کیا اہمیت ہے؟ تنظیم اسلامی اور انجمن خدام القرآن کے اغراض و مقاصد کیا ہیں؟ وغیرہ وغیرہ۔ یہ اور اس جیسے دوسرے سوالات اس قسم کے افراد کی حقیقی ضرورت ہیں' جسے پورا کرنا اس انقلابی فکر کے حاملین کے ذمہ ہے۔ یہ شعبہ ان شاء اللہ ایسا نظام وضع کرے گا جس کے ذریعے علمی و عملی دونوں سطحوں پر دینی' تحریکی' فقہی اور دوسرے سوالات کے جواب دیئے جاسکیں۔

# شعبہ انگریزی

1) Call of Tanzeem Islami کے ٹائٹل اور سورۂ فاتحہ کو فائنل کرنے کے لئے عدنان صاحب اپنے ساتھ لے گئے تھے۔ لیکن ابھی یہ کام مکمل نہیں ہوسکا۔

2) سورۃ التغابن (منتخب نصاب) کا ترجمہ تیار ہے جس پر محمد علی صاحب یا ڈاکٹر ابصار احمد صاحب نظرِ ثانی کریں گے۔

3) آیت النور کی کمپوزنگ کا کام عدنان صاحب کر رہے ہیں۔

4) کتابچہ Synthesis of Faith اور آیت البر کا ترجمہ ڈاکٹر ابصار احمد صاحب کے پاس نظرِ ثانی کے لئے ہے۔

© rasailojaraid.com

5) A Round-table Conference with Dr. Israr Ahmed کا تمام مواد CD/tape سے سن کر کمپوزنگ کے بعد (یعنی Transcribe کرنے کے بعد) پروف ریڈ کر دیا گیا تھا۔ اور عاطف وحید صاحب انچارج شعبہ کے حوالہ کیا گیا۔

6) شعبہ ''تحقیق اسلامی'' کے قیام پر ماہنامہ حکمت قرآن (مئی 2004ء) میں مقالہ لکھا گیا تھا۔ اس کا انگریزی ترجمہ کمپوز کر کے عاطف وحید صاحب کو دیا گیا۔

# قرآن اکیڈمی لائبریری

قرآن اکیڈمی لائبریری کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی مرکزی لائبریری کی حیثیت حاصل ہے جو قرآن اکیڈمی کے بیسمنٹ میں واقع ہے۔

☆ کتب: یکم جولائی 2003ء کو لائبریری میں کتب کی کل تعداد 8367 تھی' دورانِ سال 414 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 37 کتب بازار سے خریدی گئیں جن کی مالیت -/11845 روپے ہے جبکہ 374 کتب صدر مؤسس جناب محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی طرف سے بطور عطیہ موصول ہوئیں جو انہوں نے اپنی ذاتی لائبریری سے بھجوائیں۔ سال کے آخر میں کتب کی کل تعداد 8778 ہو گئی ہے۔

☆ درجہ بندی اور کیٹلاگنگ: دورانِ سال درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کا کام جاری رہا۔ تقریباً 250 کتب کو اس مرحلے سے گزارا گیا۔ اب تک 6300 کتب کی درجہ بندی اور کیٹلاگنگ ہو چکی ہے اور مزید کتب پر کام جاری ہے۔

☆ اجراء کتب: سال 03-2002ء کے دوران 150 افراد کو 1010 کتب و رسائل جاری ہوئے۔ اس کے علاوہ قارئین کی ایک کثیر تعداد نے لائبریری میں بیٹھ کر کتب' رسائل و جرائد اور اخبارات کا مطالعہ کیا۔

☆ ممبر شپ: سال کے شروع میں ممبرز کی کل تعداد 48 تھی۔ دورانِ سال 17 نئے ممبرز کا اضافہ ہوا۔ رکنیت حاصل کرنے والوں میں زیادہ تعداد ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ کی ہے۔ کورس مکمل کرنے والے 13 طلبہ کی رکنیت expire ہو گئی۔ اس طرح سال کے آخر میں ممبرز کی کل تعداد 52 رہ گئی۔

☆ رسائل و جرائد: دورانِ سال لائبریری میں 144 سے زائد رسائل و جرائد موصول ہوئے' جن میں ہفت روزہ' ماہنامہ' سہ ماہی' ششماہی' سال نامے' نمبر وار اور سیریل وار رسائل و

© rasailojaraid

جرائد شامل ہیں۔ لائبریری میں آنے والے رسائل علمی، تحقیقی، دینی، اصلاحی، سیاسی اور معاشرتی وسماجی موضوعات پر ہوتے ہیں۔ یہ تمام رسائل حکمت قرآن، میثاق یا ندائے خلافت کے تبادلے میں آتے ہیں۔ دورانِ سال باقاعدگی سے آنے والے اردو، انگلش رسائل کی تعداد 116 ہے۔ ان کے علاوہ بے قاعدگی سے آنے والے رسائل کی تعداد 14 ہے۔ دورانِ سال 14 رسائل بند ہوئے اور 7 نئے رسائل آنا شروع ہوئے۔

رسائل وجرائد کے موصولہ شماروں کی مجموعی تعداد 1617 ہے۔ دورانِ سال رسائل وجرائد کو 216 خطوط لکھے گئے کہ وہ اپنے رسائل وجرائد کی ترسیل میں باقاعدگی پیدا کریں اور جو بند ہو گئے ہیں ان کا دوبارہ اجراء کریں۔ ان کے جواب میں 50 رسائل وجرائد کی طرف سے خطوط موصول ہوئے، جس کا فائدہ یہ ہوا کہ بند ہونے والے رسائل دوبارہ آنا شروع ہوئے اور پچھلے سالوں کی ہماری جو فائلیں مکمل نہیں تھیں وہ کچھ مکمل ہو گئیں۔

لائبریری میں کل 13 اخبارات آتے ہیں جن میں سے 8 اردو اور 5 انگریزی ہیں۔ اردو اخبارات نوائے وقت، جنگ، خبریں، پاکستان، دن، انصاف، اسلام اور جرأت ہیں، جبکہ انگریزی اخبارات The News, Dawn, The Nation, Statesman اور The Frontier Post ہیں۔

© rasailojaraid.

لائبریری میں قارئین کی ایک کثیر تعداد ان اخبارات کا مطالعہ کرتی ہے۔ تاہم لائبریری میں اخبارات صرف معین اوقات میں فراہم کیے جاتے ہیں۔ ان اخبارات کا مطالعہ تمام ذمہ دار حضرات صبح اور رات کے اوقات میں گھروں میں کرتے ہیں۔ ان کے لئے علیحدہ اخبارات نہیں خریدے جاتے۔

☆ **اخبارات کے تراشوں کی فائلنگ** : اخبارات میں سے محترم صدر مؤسس کے بیانات، مضامین، انٹرویوز، خطاباتِ جمعہ کے پریس ریلیز اور سیمینار میں خطابات کی خبریں، تنظیم اسلامی کے متعلق دیگر خبریں، کانفرنسوں، جلسوں اور مظاہروں کی رپورٹنگ، بانی تنظیم اسلامی اور امیر تنظیم اسلامی کے پروگراموں کی رپورٹیں اخبارات سے نکال کر ان کو چسپاں کیا جاتا ہے، پھر ان کو فائل کر کے ریکارڈ میں رکھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جناب سردار اعوان، مرزا ایوب بیگ اور عابد اللہ جان کے مضامین اور خطوط وغیرہ، نیز مختلف حضرات کے تائیدی اور تنقیدی بیانات، مضامین اور خطوط بھی کاٹ کر فائل کر لئے جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.

# مکتبہ خدام القرآن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی تحریک رجوع الی القرآن کا ایک اہم آرگن' شعبہ ''مکتبہ'' ہے۔ مرکزی انجمن کی فکر پر مبنی لٹریچر' محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دروس و خطابات پر مشتمل آڈیو/ویڈیو کیسٹس اور CDs کو سٹاک کرنے' فروخت کرنے اور اندرون ملک و بیرون ملک ترسیل کی تمام تر ذمہ داری ''مکتبہ'' کی ہے۔ ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت کی ان کے مستقل خریداروں اور ایجنسی ہولڈروں کو بروقت ترسیل کی ذمہ داری بھی ''مکتبہ'' کے سپرد ہے۔ اس کے علاوہ مسجد دارالسلام میں جمعہ کے روز' اتوار کے درس قرآن کے موقع پر قرآن آڈیٹوریم اور دیگر اہم مواقع پر کتب و کیسٹس اور CDs کے سٹالز کا اہتمام بھی ''مکتبہ'' ہی کرتا ہے۔ ''مکتبہ'' نے اپنے نوجوان اور جذبۂ خدمت سے سرشار کارکنوں کے ذریعے اپنی یہ معمول کی ذمہ داریاں بطریق احسن پوری کیں۔ جرائد کی ترسیل کے حوالے سے یہ بات قابل ذکر ہے کہ رفقاء تنظیم اسلامی' ابوظہبی کے تعاون سے لگ بھگ چار ہزار پتوں پر ایک سال کے لئے ہفت روزہ ندائے خلافت جاری کرائے گئے تھے۔ یہ تعداد معمول کے خریداروں کے علاوہ تھی۔ لیکن مکتبہ کے عملہ نے عمدگی کے ساتھ اس اضافی ذمہ داری کو پورا کیا۔ یہاں یہ بات خصوصیت کی حامل ہے کہ ہر ہفتہ اتنی بڑی تعداد میں پرچے کی ترسیل کے لئے پیکنگ کے مرحلہ میں مرکزی انجمن کے دیگر شعبہ جات کے کارکنوں کا بھی بھرپور تعاون مکتبہ کو حاصل رہا' جس کے لئے ہم ان کے ممنونِ احسان ہیں۔

دوران سال کوئی اہم پروگرام یا شعبہ میں کوئی خاص تبدیلی تو عمل میں نہیں آئی' البتہ یہ بات خصوصیت سے کہی جا سکتی ہے کہ الحمدللہ اس سال کتب و کیسٹس اور خاص طور پر CDs کی فروخت میں نمایاں اضافہ ہوا۔ گزشتہ سال کے مقابلے میں اس سال مجموعی فروخت تقریباً 60% زیادہ رہی۔ یقیناً اس سے مکتبہ کے کارکنوں پر کام کا بوجھ بھی زیادہ رہا' لیکن الحمدللہ کارکنوں نے بھرپور محنت اور جذبہ کے ساتھ روزافزوں بڑھتے ہوئے کام کو بحسن وخوبی مکمل کیا۔ گزشتہ تین سال کی مجموعی فروخت کا ایک تقابلی جائزہ پیش خدمت ہے۔

© rasailojarai
© rasailojarai
© rasailojarai

| | 2001-02ء | 2002-03ء | 2003-04ء |
|---|---|---|---|
| کتب | 8,28,767 | 7,91,043 | 10,64,791 |
| کیسٹس / CDs | 13,93,475 | 15,97,620 | 28,79,393 |
| جرائد | 11,37,453 | 14,57,735 | 21,00,945 |
| **میزان** | **33,59,695** | **38,46,398** | **60,45,129** |

مرکزی انجمن کے داخلی محاسب چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب نے اپنے معاون کی مدد سے سالانہ حسابات کے علاوہ سال میں تین مرتبہ مکتبہ کے حسابات اور سٹاک کی چیکنگ کی اور الحمد للہ حسابات کو درست پایا۔ ادارہ محترم بٹر صاحب کی ان اعزازی خدمات پر ان کا بے حد ممنون احسان ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر سے نوازے۔ آمین!

© rasailojaraid

تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن کو سیکھیں اور سکھائیں (القرآن)

شعبہ سمع و بصر کی ایک اور پیشکش

QTV کا مقبول ترین پروگرام

بیان القرآن DVDs

بانی تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا
ترجمہ قرآن اب DVD میں دستیاب ہے

بہترین آڈیو اور ویڈیو کوالٹی

تعداد DVDs = 27 (چار گھنٹے فی DVD)

قیمت = -/3200 روپے تعارفی قیمت = -/3000 روپے

مکتبہ خدام القرآن

قرآن اکیڈمی 36 کے ماڈل ٹاؤن لاہور فون: 03-5869501 فیکس: 5834000
ویب سائیٹ: www.tanzeem.org ای میل: maktaba@tanzeem.org

© rasailojaraid

# شعبہ خط وکتابت کورسز

## شعبہ کا اجراء:

ایسے طلبہ و طالبات اور خواتین و حضرات جو ملک یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کے لئے کسی وجہ سے قرآن کالج /قرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں' ان کے لئے خط و کتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں' تا کہ گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کر سکیں:

i) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی
ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول)
iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم)
iv) ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم)
v) ترجمہ قرآن کریم کورس

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ و طالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور وشور سے جاری ہے اور اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد 3614 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرون ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ' مکہ مکرمہ' مدینہ منورہ' ریاض' ذہران اور الواسع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظہبی' دوبئی' شارجہ' راس الخیمہ' انگلینڈ' فرانس' کینیڈا' امریکہ اور ناروے میں بھی کورس سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔

دوسرے کورس عربی گرامر حصہ اول کا اجراء نومبر 1990ء میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لئے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ عربی گرامر کے ابتدائی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور حدیث سے براہ راست استفادے کے لئے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا اور اس کے شرکاء کی تعداد 2421 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بھی بیرون پاکستان کئی ملکوں میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر 92ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد

© rasailojaraid

324 تک پہنچ چکی ہے۔ جبکہ حصہ سوم کا آغاز مارچ 97ء میں ہوا' اس میں فی الوقت طلبہ کی تعداد 153 ہے۔

## ترجمہ قرآن کریم کورس

1996ء میں شعبہ خط وکتابت کورسز میں ایک نئے کورس بعنوان ''ترجمہ قرآن کریم کورس'' کا اجراء کیا گیا۔ یہ کورس خاص طور پر نوجوانوں کے لئے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ وطالبات جو اردو میں لکھ پڑھ سکتے ہوں۔

آج کل کے مادی دور میں زندگی کا مقصد حصولِ دنیا ہی بنالیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام بھاگ دوڑ صرف دنیاوی تعلیم کے حصول کے لئے ہوتی ہے اور یوں نئی نسل اکثر و بیشتر قرآن وسنت اور دینی تعلیمات سے بے بہرہ رہ جاتی ہے۔

نوجوانوں' بچوں اور بچیوں کو ترجمہ قرآن سکھانے کے لئے ایک طریقہ وضع کیا گیا ہے۔ ایسے بچے اور بچیاں اپنے گھر میں مناسب اور فارغ (Convenient) وقت میں دس پندرہ منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں اور تقریباً ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اسے مکمل کر کے کم ازکم قرآنی تعلیمات اور احکامات سے آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو سند جاری کی جاتی ہے۔ کورس کی فیس صرف 150 روپے رکھی گئی ہے۔ فروری 1996ء سے اب تک اس کورس میں 1264 طلبہ و طالبات داخلہ لے چکے ہیں اور 116 طلبہ و طالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

## ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے اقدام:

ناظم شعبہ خط وکتابت کورسز بڑی جانفشانی اور محنت سے ان کورسز کو چلا رہے ہیں۔ دوران سال انہوں نے ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے مسلسل اقدامات کئے۔ روزنامہ جنگ اور پاکستان میں دو دفعہ اشتہار دیئے گئے۔ حکمت قرآن اور میثاق میں وقفہ وقفہ سے اشتہارات شائع کئے گئے۔ تنظیم کے امراء اور نقباء کے علاوہ لاہور کی بڑی بڑی لائبریریوں کے انچارجز کو خطوط لکھے گئے۔ اس کورس کے اشتہارات پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ جات' ہاسٹلز اور جامع مسجد میں نوٹس بورڈوں پر چسپاں کئے گئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اپنے احباب اور ہم خیال دوستوں کو اس سلسلے میں ذاتی خطوط بھی تحریر کئے۔ مرکزی انجمن سے منسلک انجمنوں کراچی' ملتان' فیصل آباد اور پشاور کو بھی ان کورسز سے متعارف کرایا۔ اس کے علاوہ ذاتی طور پر مختلف

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

پروگراموں میں لیکچرز کے ذریعے ان کورسز کا تعارف کرایا اور پراسپکٹس اور داخلہ فارم تقسیم کئے۔ ان کی ان کاوشوں کے نتیجہ میں ان کورسز کے شرکاء کی تعداد دوران سال مندرجہ ذیل رہی۔

## دوران سال داخلہ لینے اور کورسز مکمل کرنے والوں کی تعداد:

| | جولائی02ء تاجون03ء | جولائی03ء تاجون04ء |
|---|---|---|
| **1) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس:** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 67 | 76 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 12 | 14 |
| **2) عربی گرامر کورس (حصہ اول):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 128 | 158 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 17 | 17 |
| **3) عربی گرامر کورس (حصہ دوم):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 19 | 16 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 12 | 07 |
| **4) عربی گرامر کورس (حصہ سوم):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 08 | 12 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 06 | 03 |
| **5) ترجمہ قرآن کریم کورس:** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 150 | 160 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 18 | 17 |

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

# شعبہ سمع و بصر

## معمول کی سرگرمیاں

الحمد للہ گزشتہ کئی برسوں سے شعبہ سمع و بصر اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دے رہا ہے۔ گذشتہ سال کے دوران بھی اس شعبہ میں حسب معمول انتہائی اہم امور سر انجام دیئے گئے۔ مکتبہ انجمن کو ڈیمانڈ کے مطابق آڈیو ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز فراہم کی گئیں۔ محترم صدرِ مؤسس کے خطابات، دروس اور دیگر تقاریر کی ریکارڈنگ کی گئی۔ انجمن کے تحت ہونے والے تمام پروگراموں میں ساؤنڈ سسٹم مہیا کیا گیا۔ گزشتہ سال کے دوران درج ذیل تعداد میں آڈیو ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز تیار کر کے مکتبہ کو فروخت کے لئے دی گئیں:

| | |
|---|---|
| آڈیو کیسٹس: | 24,046 |
| ویڈیو کیسٹس: | 2,605 |
| سی ڈیز اور ویڈیو سی ڈیز: | 75,026 |

دورۂ ترجمہ قرآن 1998ء کو بحمد اللہ قبول عام حاصل ہوا ہے۔ اس کی ویڈیو ریکارڈنگ کو پچھلے چار سال سے سیٹلائٹ پر دکھایا جا رہا ہے۔ اسی طرح کیبل پر بھی بہت سی کمپنیاں اس پروگرام کو روزانہ چلا رہی ہیں۔ اس کے آڈیو ویڈیو کیسٹس، سی ڈیز اور وی سی ڈیز بھی بڑی تعداد میں پھیل رہے ہیں۔ اس سال اس کی DVD بنانے کا آغاز کیا گیا ہے' اس کے ساتھ ہی ساتھ اس کی نئی VCDs بنانے کا کام بھی جاری ہے۔ اس پورے پروگرام کی ایڈیٹنگ کی جاری ہے اور امید ہے کہ اس سال کے اختتام پر ہم اسے مکتبہ کے حوالے کر دیں گے۔

## :Round Table with Dr. Israr Ahmad

صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے خیالات' اُن کے نظریات اور موجودہ عالمی حالات کے بارے میں ان کی رائے معلوم کرنے کے لئے امریکہ' برطانیہ' انڈیا کی یونیورسٹیز کے پروفیسر حضرات تشریف لائے۔ یہ کانفرنس 10 تا 12 جنوری 2004ء منعقد ہوئی۔ اس Round Table کے تمام تر انتظامات کی ذمہ داری شعبہ سمع و بصر کے ذمہ

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

تھی، جس میں شرکاء کے لئے ہوٹل میں ٹھہرانے کے انتظامات کرنا، ہوٹل میں کانفرنس کے لئے انتظامات کرنا، اسی طرح شرکاء کے لئے فائلز کی تیاری کرنا جس میں تنظیم اسلامی، انجمن خدام القرآن اور صدر مؤسس کا مختصر تعارف شامل تھا۔ اس طرح پورے پروگرام کا شیڈیول بنانا اور اس کے سلسلے میں انتظامات کرنا بھی شعبہ کی ذمہ داری تھی۔ شعبہ نے یہ تمام کام ڈاکٹر ابصار احمد صاحب اور بریگیڈیئر (ر) غلام مرتضیٰ صاحب کی سرپرستی میں کیے۔ شرکاء نے ان تمام انتظامات کو نہایت پسند کیا۔ اسی طرح تمام تر ریکارڈنگ کی ذمہ داری بھی شعبہ سمع و بصر نے ادا کی۔ اس پورے پروگرام کو ڈیجیٹل کیسٹس پر ریکارڈ کیا گیا۔

## نئی سی ڈیز

### قرآن کی عظمت اور اس کی بنیادی تعلیمات VCD:

محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی شہرۂ آفاق تقاریر جو کہ آپ نے اپنے دورۂ ابوظہبی 1985ء کے دوران کی تھیں، کو اب ویڈیو سی ڈی پر منتقل کر لیا گیا ہے۔ یہ مکمل پروگرام 21 ویڈیو سی ڈیز پر مشتمل ہے۔

© rasailojaraid

### عربی گرامر VCD:

مکتبہ انجمن خدام القرآن کی جانب سے شائع ہونے والی کتاب ''آسان عربی گرامر'' جس کے مصنف لطف الرحمٰن خان صاحب ہیں، انہوں نے یہ کتاب 1998ء میں پڑھائی تھی۔ اس وقت تو اس کی ویڈیو کیسٹس تیار کر لی گئی تھیں۔ لوگوں کی طرف سے کافی عرصے سے اس بات کا مطالبہ تھا کہ اس کی ویڈیو سی ڈیز بنائی جائیں۔ اس سہ ماہی کے دوران ان کو بھی ویڈیو سی ڈیز پر منتقل کر لیا گیا ہے جو کہ 24 سی ڈیز پر مشتمل ایک سیٹ کی شکل میں ہے۔

### بیان القرآن ACD:

صدر مؤسس کے دورۂ ترجمہ قرآن کو جو کہ آپ نے امریکہ میں بزبان انگریزی فرمایا تھا، اب آڈیو سی ڈیز پر منتقل کر لیا گیا ہے۔ کافی عرصہ سے اس دورۂ ترجمہ قرآن کا مطالبہ کیا جا رہا تھا۔ لوگوں نے اس کو خصوصی طور پر پسند کیا ہے۔

## نئی ویڈیو سی ڈیز

امسال شعبہ سمع و بصر نے صدر مؤسس کے متفرق خطابات، لیکچرز اور دروس کو جو کہ

© rasailojaraid

ڈیجیٹل کیسٹس پر موجود ہیں، اور جو کہ نئی ریکارڈنگز ہیں، ویڈیو سی ڈیز پر منتقل کیا۔لوگوں کی طرف سے اس کوشش کو بہت سراہا اور پسند کیا گیا۔ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

i) سیمنار: پاک بھارت تعلقات، امکانات، توقعات اور خدشات
ii) موجودہ عالمی حالات میں اسلام اور مسلمانوں کا مستقبل
iii) کیا پاکستان کے خاتمے کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے؟؟
iv) قرآن کی عظمت اور اس کی بنیادی تعلیمات
v) عربی گرامر
vi) رسول انقلاب ﷺ کا طریق انقلاب
vii) منتخب نصاب (قرآن حکیم کے منتخب مقامات کے دروس)

## نئی ڈیٹا سی ڈیز

i) خطابات جمعہ والیم VI
ii) جرائد 2003ء

© rasailojaraid

### سیٹلائیٹ چینلز کی معاونت:

ARY Digital کو ڈیجیٹل کیسٹس کی فراہمی جاری ہے۔انہیں محترم ڈاکٹر صاحب کے منتخب نصاب کے کیسٹس باقاعدگی سے ریکارڈ کر کے بھیجے جا رہے ہیں۔

### جاری پراجیکٹ:

i) محترم صدر مؤسس کے انگریزی دورۂ ترجمہ قرآن کی DVDs اور نئی VCDs پر کام جاری ہے۔
ii) محترم صدر مؤسس کے منتخب نصاب کی MP3 سی ڈیز پر کام جاری ہے۔

### انٹرنیٹ کا استعمال:

i) معمول کی سرگرمیاں: گزشتہ سال کے دوران بھی بحمداللہ صدر مؤسس اور ڈائریکٹر انجمن کے خطابات اور منتخب دروس انٹرنیٹ پر تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ پر نشر ہوتے رہے۔ اسی طرح نئے مضامین اور پریس ریلیز بھی ویب سائٹ پر آویزاں کئے گئے۔ای میلز کی روزانہ وصولی اور ان کے جوابات ارسال کئے گئے۔

بحمداللہ انٹرنیٹ کی سہولت سے محترم صدر مؤسس کے خطبات و تقاریر ہزاروں کی تعداد

© rasailojaraid

میں لوگ ہر ہفتہ نہ صرف انٹرنیٹ پر سنتے ہیں بلکہ اس کی آڈیو کیسٹس بنا کر وسیع پیمانے پر تقسیم کرتے ہیں۔ان خطابات کے علاوہ انٹرنیٹ پر صدر مؤسس کا مکمل دورۂ ترجمہ قرآن' منتخب نصاب اردو اور منتخب نصاب انگریزی تمام کا تمام ساعت کے لئے دستیاب ہے۔علاوہ ازیں صدر مؤسس کی کئی انگریزی تصانیف بھی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔دیگر حضرات کے اہم مقالہ جات بھی افادہ عام کے لئے سائٹ پر رکھے گئے ہیں۔مرکزی انجمن و تنظیم اسلامی کے جرائد میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے انٹرنیٹ ایڈیشن بھی با قاعدگی سے ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کیے جاتے رہے۔

## تکنیکی معاونت:

مرکزی انجمن کے متعدد شعبہ جات جن میں قرآن کالج لاہور' شعبہ تصنیف و تالیف' شعبہ انگریزی اور مکتبہ شامل ہیں، شعبہ سمع و بصر ان تمام کو کمپیوٹر سے متعلق تمام معاملات میں جن میں خرابی کی درستی یا نئے آلات کی خریداری شامل ہیں'    ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر دونوں لحاظ سے تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔تمام شعبہ جات کو networking کے ذریعے آپس میں منسلک کیا گیا ہے اور متعلقہ شعبہ جات کو انٹرنیٹ کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔

© rasailojaraid

شعبہ سمع و بصر پہلے سی ڈیز کی duplication باہر سے کرواتا تھا جس میں خرچہ بھی کافی آتا تھا اور کوالٹی بھی متاثر ہوتی تھی۔لہٰذا اس سال سی ڈیز کی اپنے پاس تیاری کے لئے سی ڈی کاپیئر خریدا گیا اور شعبہ نے اپنے پاس ہی سی ڈیز کی تیاری شروع کر دی ہے۔اس مقصد کے لئے امپورٹڈ سی ڈیز استعمال کی جا رہی ہیں۔ان کی کوالٹی کا خصوصی طور پر خیال رکھا جاتا ہے اور پیکنگ پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔

## ریکارڈنگ سیکشن:

IT سیکشن کی طرح ریکارڈنگ سیکشن کے لئے بھی علیحدہ دفتر کا انتظام کیا گیا۔آڈیو اور ویڈیو کیسٹس کو رکھنے کے لئے خصوصی طور پر ریکس بنائے گئے اور ان کی کوڈنگ کی گئی۔اب تمام کیسٹس اور ویڈیو کیسٹس پر کمپیوٹرائزڈ لیبلنگ کی جاتی ہے۔اس سال شعبہ نے دو ڈیجیٹل کیمرے خصوصی طور پر صدر مؤسس کے منتخب نصاب کی ریکارڈنگ کے لئے خریدے ہیں۔

## دیگر متفرق سرگرمیاں:

کوالٹی کنٹرول: گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی شعبہ میں کوالٹی کنٹرول کا خاص خیال

© rasailojaraid

رکھا گیا۔ ریکارڈ شدہ کیسٹ کو مختلف جگہوں سے سنا جاتا ہے اور اس کے بعد ان کور یپر میں سیل کر دیا جاتا ہے تاکہ کیسٹ مٹی، نمی وغیرہ سے متاثر نہ ہو۔ اسی طرح سی ڈیز کو بھی مختلف مراحل پر سنا اور دیکھا جاتا ہے تاکہ ان کی کوالٹی کو چیک کیا جا سکے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری ان کوششوں کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین!


# قرآن کی عظمت

## اور اس کی بنیادی تعلیمات

ابوظہبی پروگرام-1985

مقرر: ڈاکٹر اسرار احمد

(بانی تنظیم اسلامی)

اب VCDs میں دستیاب ہیں

عنوانات

عظمت قرآن ❁ راہ نجات ❁ حقیقت ایمان

عمل صالح ❁ تواصی بالحق ❁ تواصی بالصبر

حقیقت نفاق ❁ حقیقت و اقسام شرک ❁ اقامت دین

کل سی ڈیز : 21

قیمت فی سیٹ : -/840 روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ خدام القرآن

36 کے ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون: 03-5869501

www.tanzeem.org e-mail: info@tanzeem.org


© rasailojaraid
© rasailojaraid

# قرآن کالج لاہور

## 1) نئے داخلے

کالج میں ایف اے' ایف اے جنرل سائنس' آئی کام' آئی سی ایس کے داخلے جولائی میں شروع ہوئے اور اگست میں مکمل ہوئے۔ ان کلاسوں میں طلبہ کی تعداد 58 تھی۔ ان میں سے ایف اے 14' ایف اے جنرل سائنس 6' آئی کام 28 اور آئی سی ایس میں 10 طلبہ داخل ہوئے۔ بی اے سال اول کے داخلے ستمبر میں شروع ہوئے۔ اس سال بی اے سال اول میں داخل ہونے والے طلبہ کی تعداد 9 تھی۔

## 2) اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

© rasailojaraid

حسب سابق اس مرتبہ بھی میٹرک کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے دینی معلومات پر مبنی ''اسلامک جنرل نالج ورکشاپ'' کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا دورانیہ 13 مئی تا 12 جون 2004ء تھا۔ اس میں شریک ہونے والے طلبہ کی کل تعداد 57 تھی جو اب تک کی منعقد ہونے والی ورکشاپ کی سب سے زیادہ تعداد تھی۔ اس ورکشاپ میں پہلی' دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو ایک خصوصی تقریب میں نقد انعام دیئے گئے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد تھے۔

## 3) ماہانہ و دیگر امتحانات

کالج میں ہر کلاس کے ماہانہ امتحانات باقاعدگی سے منعقد ہوئے اور طلبہ کی کارکردگی کی رپورٹ ہر ماہ والدین کو ارسال کی گئی۔

## 4) بورڈ کے امتحانات

بورڈ کے امتحانات منعقدہ مئی 2003ء میں کالج کی طرف سے 93 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ ان میں سے 41 طلبہ پاس ہوئے۔ کالج کا مجموعی رزلٹ 44 فیصد اور ایف اے فائنل کا رزلٹ تقریباً 57 فیصد رہا' ان میں سے اول' دوم اور سوم آنے والے طلبہ نے بالترتیب 732' 709' 681 نمبر حاصل کیے۔

© rasailojaraid

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2004ء میں کالج کی طرف سے 77 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی، ان میں سے آئی کام سال اوّل 21، آئی سی ایس سال اوّل 7، ایف اے جنرل سائنس سال اوّل 3، ایف اے آرٹس سال اوّل 14، آئی کام سال دوم 17، ایف اے سال دوم 9 اور آئی سی ایس سال دوم کے 6 طلبہ شریک ہوئے۔

## 5) مقابلہ قراءت ونعت

مؤرخہ 9 مارچ 2004ء کو قرآن کالج آڈیٹوریم میں مقابلہ قراءت ونعت منعقد کیا گیا۔ اس تقریب کی صدارت محترم حافظ عاکف سعید نے کی۔ قرآن کالج کے چاروں گروپس نے اس میں بھرپور شرکت کی۔

## 6) کوئز پروگرام

مارچ 2004ء میں قرآن کالج آڈیٹوریم میں ایک کوئز پروگرام کا انعقاد ہوا۔ اس پروگرام میں چاروں گروپس نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام میں مختلف موضوعات جن میں سائنس، حالاتِ حاضرہ، سپورٹس اور جنرل نالج شامل تھے، کے متعلق سوالات پوچھے گئے۔ پروگرام کے آخر میں اوّل، دوم اور سوم آنے والے طلبہ کو انعامات دیئے گئے۔

## 7) انگریزی و اردو تقریری مقابلہ

ماہ اپریل 2004ء میں دو زبانی تقریری مقابلے کا اہتمام کیا گیا جس میں کل 8 طلبہ نے حصہ لیا۔ ان طلبہ نے مختلف موضوعات پر اردو اور انگریزی زبان میں تقاریر کیں۔ آخر میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو انعامات دیئے گئے۔

## 8) سالانہ سپورٹس

غیر نصابی سرگرمیوں کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ماہِ مارچ میں کالج میں سالانہ سپورٹس کا انعقاد کیا گیا۔ یہ کھیلیں ایک ہفتہ تک جاری رہیں۔ ان کھیلوں میں کرکٹ، فٹ بال، ٹیبل ٹینس، رسہ کشی، ہینڈ بال، والی بال اور بیڈمنٹن شامل ہیں۔ طلبہ نے ان کھیلوں میں بڑے جوش وخروش سے حصہ لیا۔

## 9) سالانہ تقریبِ تقسیم انعامات

کالج میں مؤرخہ 30 مارچ 2004ء کو سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ اس

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

تقریب کے مہمان خصوصی صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب تھے۔ آپ نے بورڈ اور کالج کے سالانہ امتحانات میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں اسناد اور ٹرافیاں تقسیم کیں۔ اس کے علاوہ سالانہ کھیلوں میں اوّل، دوم اور سوم آنے والی ٹیموں میں انفرادی انعامات تقسیم کئے اور سالانہ کھیلوں میں فٹ بال، کرکٹ، والی بال، رسہ کشی اور ٹیبل ٹینس کی ٹیموں میں ٹرافیاں اور اسناد تقسیم کیں۔

## 10) اساتذہ کرام کے لئے ریفریشر کورس

اساتذہ کے لئے ایک ریفریشر کورس کا اہتمام کیا گیا۔ اس کورس کا دورانیہ تقریباً ایک ماہ تھا۔ یہ کورس 12 اپریل تا 12 مئی منعقد ہوا۔ اس کورس میں مندرجہ ذیل موضوعات پر لیکچر ہوئے:

1) اصول حدیث　　2) اصولِ فقہ　　3) مسائل صوم وصلوٰۃ

4) Remedial English

5) تعلیمی نفسیات

اس کے علاوہ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دورۂ ترجمہ قرآن سے منتخب ویڈیو کیسٹ دکھائے گئے۔ مجموعی طور پر اساتذہ نے اس کورس کو نہایت مفید قرار دیا۔ کورس کے اختتام پر اساتذہ کو سرٹیفکیٹ بھی دیئے گئے۔ کورس کی اختتامی تقریب میں امیر تنظیم اسلامی و ناظم قرآن کالج حافظ عاکف سعید صاحب کے علاوہ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے بھی خصوصی شرکت فرمائی۔

## 11) رجسٹریشن و لاہور بورڈ سے الحاق

محکمہ تعلیم پنجاب سے کالج کی رجسٹریشن اور لاہور بورڈ سے affiliation کئی سال قبل ہوئی تھی۔ محکمہ تعلیم سے کالج کی رجسٹریشن 2005ء تک ہے، جبکہ بورڈ کے ساتھ affiliation میں ہر سیشن کے بعد توسیع کروانی پڑتی ہے اور اس سیشن کی توسیع 2005ء تک ہو چکی ہے۔

## 12) کالج لائبریری

قرآن کالج لائبریری میں اس وقت مختلف موضوعات پر کل 2319 کتب موجود ہیں۔ دورانِ سال 33 کتابوں کا اضافہ ہوا جو کہ بازار سے خریدی گئیں۔

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

# قرآن کالج ہاسٹل

## تعارف

قرآن کالج جیسے تعلیمی وتربیتی ادارے میں ہاسٹل کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔اس کالج کے طلبہ کی اکثریت ہاسٹل سے تعلق رکھتی ہے جوملک کے کونے کونے سے حصولِ علم کے ساتھ ساتھ تربیت کے حصول کے لئے یہاں داخلہ لیتے ہیں۔قرآن کالج ہاسٹل نہ صرف ایک اقامتی ادارہ ہے بلکہ یہاں اسلامی اصولوں کے تحت طلبہ کی تربیت کا بھی خصوصی انتظام واہتمام ہوتا ہےاور یہی ہمارے ہاسٹل کی امتیازی شان ہے۔جہاں تک سہولیات کا مسئلہ ہے تو اس لحاظ سے بھی ہمارا ہاسٹل جدید ترین ہاسٹلوں سے کسی لحاظ سے بھی کم نہیں ہے۔ہماری ہاسٹل انتظامیہ کا مرتب کردہ تربیتی نظام طلبہ کی زندگیوں پر گہرے، دیرپا اور دوررس اثرات مرتب کرتا ہے۔ہاسٹل میں تقریباً 80 طلبہ کی رہائش کی گنجائش ہے البتہ ہنگامی حالات میں اس گنجائش میں توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔

## معمولاتِ ہاسٹل

ہاسٹل میں مقیم طلبہ نیز ہاسٹل کے ملازمین کو نماز پنجگانہ باجماعت کی پابندی کا لازماً اہتمام کرنا ہوتا ہے۔چنانچہ نماز باجماعت میں ہاسٹل کے جملہ مقیمین کی حاضری یقینی بنانے کی غرض سے چند طلبہ پر مشتمل اقامت صلوٰۃ کے نام سے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو فجر کی اذان کے ساتھ ہی طلبہ کو جگاتی ہے، وضو اور حوائج ضروریہ سے فراغت کے بعد مسجد میں نماز باجماعت ادائیگی کے بعد مسجد ہی میں اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤالدین صاحب تمام طلبہ اور ملازمین کو قرآن مجید کے آخری پاروں میں سے بالترتیب اور تسلسل کے ساتھ تین چار آیات تجوید کے ساتھ پڑھانے کے بعد اس کا ترجمہ پڑھاتے ہیں۔اس کے بعد مارننگ پی ٹی کا پروگرام فل ٹائم ڈی پی ای محترم زین العابدین کی نگرانی میں شروع ہوتا ہے جو کالج کے ملحقہ پارک میں پندرہ سے بیس منٹ تک ہوتا ہے۔اس پروگرام میں تمام طلبہ کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔غیر حاضری پر مناسب جرمانہ بھی عائد کیا جاتا ہے۔کالج ٹائم شروع ہونے

© rasailojarai
© rasailojarai

سے 45 منٹ قبل طلبہ کو ناشتہ دیا جاتا ہے اور بعد ازاں ہاسٹل وارڈن پورے ہاسٹل کا راؤنڈ لگا کر تمام طلبہ کو کالج بھیج دیتا ہے۔ ظہر کی نماز اور کھانے سے فارغ ہونے کے بعد عصر تک طلبہ فارغ ہوتے ہیں۔ اس دوران طلبہ مختلف مشاغل میں مصروف ہوتے ہیں جن میں مختلف اِنڈور گیمز بھی شامل ہیں جو ڈی پی ای کی نگرانی میں کھیلی جاتی ہیں۔ نماز عصر باجماعت ادا کرنے کے بعد مغرب تک طلبہ مختلف کھیلوں میں مصروف رہتے ہیں۔ مغرب کی نماز کے بعد عشاء کی اذان تک ہوم ورک کی کلاس کے لئے کالج دوبارہ کھول دیا جاتا ہے۔ نگرانی کے لئے اسسٹنٹ وارڈن موجود ہوتے ہیں جو نگرانی کے ساتھ ساتھ پڑھائی میں بھی طلبہ کی معاونت کرتے ہیں۔ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کھانا ہوتا ہے' کھانے کے بعد طلبہ کو آدھ گھنٹے کے لئے واک کی اجازت ہوتی ہے۔ بعد ازاں گیٹ بند کر کے تمام طلبہ کلاس روم میں دوبارہ جمع ہو جاتے ہیں اور اسسٹنٹ وارڈن صاحب نماز روزہ وغیرہ ارکان کی اہمیت پر مشتمل اجتماعی درس دیتے ہیں جس کا دورانیہ 10 سے 15 منٹ ہے۔ بعد ازاں طلبہ اپنے کمروں میں مطالعہ کرتے ہیں اور ٹھیک رات گیارہ بجے ہاسٹل کی لائٹیں بند کر دی جاتی ہیں۔ اگر کسی طالب علم نے اس کے بعد بھی پڑھنا ہو تو بجائے اپنے کمرے کے' کامن روم میں بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے۔

یہ رپورٹ میس کا تذکرہ کئے بغیر میرے خیال میں نامکمل ہوگی' اس لئے کہ ہاسٹل کے مختلف عناصر میں سے اس کو ایک اہم ترین عنصر کی حیثیت حاصل ہے' چنانچہ ہم نے طلبہ کو متوازن اور ان کا پسندیدہ کھانا مہیا کرنے کی غرض سے مختلف کلاسوں کے طلبہ پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی ہے جس کا کام اپنے پسندیدہ مینو مرتب کر کے ہاسٹل وارڈن کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔ مینو کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے بعد بازار سے تھوک کے حساب سے سودا خریدنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ سودے کی خریداری اور حاضری سسٹم کا جائزہ اور اس کی نگرانی کا کام ہاسٹل وارڈن کرتا ہے۔ اس کڑی نگرانی کا نتیجہ یہ ہے کہ اس ہوشربا گرانی کے دور میں بھی طلبہ کے پسندیدہ اور منتخب کردہ مینو کے مطابق تینوں ٹائم معیاری کھانے کے ماہوار چارج فی کس 900 سے 1000 روپے ہوتے ہیں۔

کالج و ہاسٹل کی صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ چنانچہ ہاسٹل میں رہائشی گملے اور قرآنی دعاؤں پر مشتمل مختلف سائز کے فریم اور سینریز مختلف جگہوں پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

ہاسٹل میں کامن روم بھی ہمارے ہاسٹل کا ایک اہم حصہ ہے جہاں طلبہ کے مطالعاتی ذوق کی تسکین کے لئے مختلف رسائل و جرائد کا انتظام ہوتا ہے۔ ہاسٹل میں مانیٹرنگ سسٹم کا بھی انتظام ہے تاکہ طلبہ اپنے معاملات خود حل کرنے کی عادت ڈالیں۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل پراکٹوریل سسٹم بنایا گیا ہے:

(۱) صلوٰۃ کمیٹی (۲) میس کمیٹی (۳) ڈسپلن کمیٹی (۴) کامن روم و اخبار کمیٹی

ہاسٹل میں ہفتہ میں ایک دن بروز جمعرات رات گیٹ بند ہونے کے بعد بزمِ ادب کا پروگرام ہوتا ہے، جس میں تلاوتِ قرآن پاک، حمد باری تعالیٰ، نعت رسول ﷺ، کلامِ اقبال، درس قرآن اور تقاریر وغیرہ کا مقابلہ کرایا جاتا ہے۔ گاہے بگاہے شعر و شاعری کا پروگرام بھی منعقد ہوتا ہے۔

اتوار کے دن آڈیٹوریم میں درس قرآن مجید ہوتا ہے جس میں تمام طلبہ کی شرکت یقینی بنائی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں ہاسٹل میں بھی قرآن مجید کا پندرہ روزہ درس ہوتا ہے۔ اس سال رمضان المبارک میں طلبہ کو باجماعت نماز تراویح پڑھانے کا انتظام قرآن آڈیٹوریم میں کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤ الدین صاحب ہر چار رکعت کے بعد تلاوت شدہ قرآنی آیات کا خلاصہ بیان کرتے ہیں۔ اس پروگرام میں تمام طلبہ کی شرکت لازمی ہے۔ البتہ پندرہ طلبہ کو ان کے اصرار پر قرآن اکیڈمی میں دورۂ ترجمہ قرآن مجید سننے کی اجازت دی گئی ہے جس کی نگرانی کے لئے انہی میں سے دو طلبہ کی ڈیوٹی لگائی گئی ہے جو ہاسٹل وارڈن کو روزانہ رپورٹ دینے کے پابند ہیں۔

## عمارت

ہاسٹل میں **14** عدد بڑے اور **12** عدد چھوٹے کمرے ہیں۔ بڑے کمروں میں **4** طلبہ کو اور چھوٹے کمروں میں **2** لڑکوں کو رہائش دی جاتی ہے۔ بڑے کمروں میں سے ایک کمرے کو کامن روم اور ایک کمرے کو سپورٹس روم بنایا گیا ہے۔ کچھ ہی عرصہ پیشتر ایک کمرے کو مہمان خانہ بھی بنایا گیا ہے، تاکہ وقتاً فوقتاً طلبہ اور ملازمین کے آنے والے عزیزوں کے ٹھہرانے میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔ اس مقصد کے لئے **4** عدد بیڈ مع بستر کا بھی بندوبست کیا گیا ہے۔ ابھی حال ہی میں اس کو رنگ و روغن بھی کیا گیا ہے۔ چھوٹے کمروں میں ایک کمرہ ہاسٹل وارڈن کے زیر استعمال ہے، باقی طلبہ کے زیر استعمال ہیں۔

© rasailojaraid

## اخراجات ہاسٹل

ہاسٹل میں رہائش کے خواہش مند طلبہ کو مندرجہ ذیل اخراجات ادا کرنا ہوتے ہیں۔

**ڈارمیٹری (فورسیٹر)**: اس سال طلبہ کی کثرت اور قرآن اکیڈمی میں شعبہ تحقیق کے قیام کی وجہ سے رجوع الی القرآن کے 10 طلبہ کو کالج ہاسٹل میں رہائش دینے کی وجہ سے اس میں بجائے 4 طلبہ کے 6 طلبہ کو ٹھہرایا گیا ہے۔

کرایہ 350 یوٹیلیٹی چارجز 200 ٹوٹل 550

**بائی سیٹر**: اس میں دو طلبہ کو ٹھہرایا جاتا ہے۔ اس کا فی کس کرایہ 500 جبکہ یوٹیلیٹی چارجز 200 روپے ہیں۔ اس طرح طالب علم کو اس کمرے میں رہائش کے عوض 700 روپے ادا کرنے ہوتے ہیں۔

مزید برآں ہاسٹل میں داخلہ لیتے وقت ہر طالب علم سے 1500 روپے بطور میس ایڈوانس وصول کئے جاتے ہیں جو کہ قابل واپسی ہوتے ہیں۔ کھانے کے اخراجات حاضری کی بنیاد پر وصول کئے جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں ہر طالب علم سے ہاسٹل سکیورٹی کی مد میں 250 روپے وصول کئے جاتے ہیں اور وہ بھی قابل واپسی ہوتے ہیں۔

© rasailojaraid

## ہاسٹل سٹاف:

اس وقت ہاسٹل میں درج ذیل سٹاف ہمہ وقت فرائض انجام دے رہا ہے۔

(1) ناظم (2) وارڈن (3) اسسٹنٹ وارڈن (4) ہاسٹل اینڈ میس کلرک (5) باورچی' دو (6) خاکروب' ایک (7) چوکیدار رقاصد' تین (8) مالی' ایک۔


دعوت رجوع الی القرآن کی اساسی دستاویز

ڈاکٹر اسرار احمد کی مقبول عام تالیف

**مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق**

اشاعت خاص: 20 روپے

اشاعت عام: 10 روپے


© rasailojaraid

# شعبہ خواتین

## حلقہ خواتین کا دینی وتربیتی کورس

حلقہ خواتین کی جانب سے طالبات اور خواتین کی دینی تربیت کے لئے کورس کا آغاز 1995ء میں کیا گیا تھا۔ الحمدللہ اُس وقت سے تاحال ہر سال یہ کورس باقاعدگی سے جاری ہے۔ امسال بھی 15 جون تا 31 جولائی اس کا انعقاد ہوا۔ اس میں 70 سے زائد خواتین اور طالبات نے شرکت کی اور قریباً 50 شرکاء نے کورس مکمل کیا۔ اس کورس میں درج ذیل مضامین شامل تھے: ابتدائی عربی گرامر' تجوید' لحن جلی کے قواعد' منتخب احادیث' قرآن حکیم کا منتخب نصاب اور ارکانِ اسلام۔ اس کے علاوہ مختلف دینی موضوعات پر ہر ہفتے ایک لیکچر کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں میت کے غسل اور تجہیز و تکفین سے متعلق معلوماتی لیکچر اور اسے عملی طور پر کرکے دکھایا بھی گیا تھا۔

© rasailojaraid

تمام اساتذہ نے انتہائی محنت اور خلوص کے ساتھ اس کورس میں اپنی خدمات انجام دیں۔ کورس کے اختتام پر تقریب تقسیم اسناد کا اہتمام کیا گیا جس میں طالبات اور اساتذہ نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور کورس کے بارے میں رائے دی کہ یہ کورس انتہائی مفید اور معلوماتی ہے جو زندگیوں میں اچھے اثرات اور مثبت تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

آخر میں نائب ناظمہ محترمہ اَمۃ المعطی صاحبہ نے اسناد تقسیم کیں اور دعائے خیر کے ساتھ اختتام ہوا۔

## استقبال رمضان المبارک

اس سال استقبال رمضان المبارک کا ایک ہی جگہ بڑا پروگرام نہیں ہوا' البتہ مختلف علاقوں میں مقامی سطح پر کئی پروگرام منعقد کئے گئے' جن میں کافی تعداد میں خواتین نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ مختلف سکولوں اور کالجوں میں بھی یہ پروگرام کیا گیا جس میں خواتین کو رمضان اور روزے کے آداب' دعا کی اہمیت وفضیلت' لیلۃ القدر کی فضیلت اور رمضان اور قرآن وغیرہ سے متعلق معلومات بہم پہنچائی گئیں۔ ربیع الاول کے مہینے میں سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے بھی مختلف مقامات پر بھرپور پروگرام ہوئے' جن میں نبی اکرم ﷺ کا مرتبہ

© rasailojaraid

بعثت، نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں اور ہماری دینی ذمہ داریاں کے موضوعات پر خواتین کو بتایا گیا۔

## خواتین کا ماہانہ اجتماع

ہر انگریزی ماہ کے پہلے ہفتے کے روز قرآن اکیڈمی میں یہ اجتماع منعقد ہوتا ہے اور یہ سلسلہ الحمدللہ گزشتہ کئی سالوں سے بغیر کسی وقفہ کے جاری ہے۔ اس میں خواتین کی معلومات اور تربیت کے لئے درسِ قرآن، درس حدیث اور مختلف مواقع کی مناسبت سے موضوعات پر تقاریر کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## ترجمہ قرآن اور تجوید کی کلاس

قرآن اکیڈمی خواتین ہال میں یہ کلاسز ہر ہفتے میں دو دن ہوتی ہیں جن میں ترجمہ قرآن اور تجوید کے علاوہ عربی گرامر اور منتخب نصاب کی کلاسیں بھی ہوتی ہیں۔ ان میں خواتین کافی تعداد میں شرکت کرتی ہیں

© rasailojaraid


اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِی نکاح میری سنت ہے (حدیث)

کیا ہم شادی بیاہ (جو کہ سنت رسولؐ ہے) کو سنت کے مطابق مناتے ہیں؟ اگر نہیں تو کیا اس موقع پر ہم کہیں اللہ اور اس کے رسولؐ کی ناراضگی تو مول نہیں لے رہے ہیں؟

ان سوالات کا جواب جاننے کے لئے سنیئے

ڈاکٹر اسرار احمد

(بانی تنظیم اسلامی) کی اہم تقریر

"شادی بیاہ کی تقریبات میں سنت کے مطابق اصلاح"

2 Video CDs

رعایتی قیمت: =/30 روپے

مکتبہ خدام القرآن

قرآن اکیڈمی K-36، ماڈل ٹاؤن لاہور فون 03-5869501 فیکس 5834000

www.tanzeem.org


© rasailojaraid

# دورۂ ترجمہ قرآن و جامع القرآن

قرآن اکیڈمی لاہور کی جامع مسجد کا نام جامع القرآن ہے۔ محترم صدر مؤسس مرکزی انجمن جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ضرورت کا احساس کرتے ہوئے 1984ء میں ایک نہایت اہم فیصلہ کیا تھا کہ نماز تراویح کے ساتھ ساتھ پڑھے جانے والے قرآن کا ترجمہ اور مختصر تشریح بھی بیان کی جائے۔ اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے 1984ء سے تا حال یہ سلسلہ اس مسجد میں جاری ہے۔ لوگوں میں اس سلسلہ کو بہت پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور ہمارے علاوہ بہت سے دوسرے لوگوں نے بھی اس سلسلہ کو اپنا لیا ہے۔ اس سال یہاں یہ ذمہ داری ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے صاحبزادے جناب حافظ عاکف سعید صاحب (ڈائریکٹر اکیڈمی) نے نہایت خوش اسلوبی سے ادا کی۔ اس پورے پروگرام کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ کی گئی تاکہ بذریعہ سیٹلائٹ نشر کیا جا سکے۔ پہلے دن افتتاحی خطاب محترم ڈاکٹر صاحب نے عظمت قرآن اور سورۂ فاتحہ کے موضوع پر کیا۔ دورۂ ترجمہ قرآن کے دوران مرد و خواتین کی ایک بڑی تعداد نے اس سے استفادہ کیا جبکہ آخری عشرے میں یہ تعداد تقریباً 450 افراد اور 100 خواتین تک جا پہنچی۔ اس کے علاوہ لاہور میں قریباً آٹھ دس مقامات پر تراویح کے ساتھ یا دن میں دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام منعقد ہوا۔ اس دفعہ قریباً 80 افراد نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ معتکف حضرات کو انجمن اور تنظیم کا لٹریچر مطالعہ کے لئے مہیا کیا گیا۔ دورۂ ترجمہ قرآن کے اختتام پر بھی محترم صدر مؤسس نے خطاب کیا۔

جامع القرآن میں خطابِ جمعہ کی ذمہ داری ڈاکٹر عارف رشید صاحب ادا کرتے ہیں۔ جمعہ کے اجتماعات میں لوگوں کی کثیر تعداد شریک ہوتی ہے۔ نماز فجر کے بعد ہفتہ میں چار دن درس قرآن اور تین دن درسِ حدیث کا پروگرام جاری رہا۔ شادی بیاہ کے ضمن میں اصلاحی تحریک کو اب کافی قبول عام حاصل ہو چکا ہے اور کافی تعداد میں محافل نکاح اس مسجد میں منعقد کی جا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ مسجد میں ناظرہ کلاس اور حفاظ بچوں کی دہرائی کا بھی بندوبست ہے۔

© rasailojarai

# صدر مؤسس کا ہفتہ وار درسِ قرآن

قرآن آڈیٹوریم میں صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا درسِ قرآن اتوار کے روز کافی عرصہ سے جاری ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی بیرون شہر مصروفیات کی وجہ سے یہ درس قرآن ہر مہینہ قریباً تین دفعہ منعقد ہوتا ہے اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد نہایت ذوق و شوق کے ساتھ اس سے استفادہ کر رہی ہے۔ مئی 2002ء سے سلسلہ وار درس قرآن کی بجائے دعوتی نقطۂ نگاہ سے مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب کا درس شروع کیا گیا۔ اس ریکارڈنگ کو مختلف چینلز نشر کر رہے ہیں اس طرح یہ دعوت لوگوں کی ایک بڑی تعداد تک پہنچ رہی ہے۔ جون 2004ء تک مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے پانچوں حصوں کا درس قریباً مکمل ہو چکا ہے۔ امید ہے کہ رمضان المبارک سے قبل سورۃ الحدید کا درس بھی مکمل ہو جائے گا۔ سامعین کی دلچسپی اور ان کے اشکالات دور کرنے کے لئے درس کے بعد آدھ گھنٹہ سوال و جواب کے لئے مختص کیا گیا ہے۔ قریباً 400 سے 500 حضرات اور 100 سے 150 خواتین اس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔

# ایڈمن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے شعبہ ایڈمن کے روزمرہ کے معاملات میں سٹاف کی نگرانی، ماہوار تنخواہوں کی بروقت تیاری، ڈاک کا باقاعدہ اندراج اور تقسیم، سٹاف کی حاضریوں اور چھٹیوں کا ریکارڈ رکھنا، مختلف نوع کے آفس آرڈرز، نوٹس اور میموز کا اجراء اور ریکارڈ مرتب کرنا، قرآن اکیڈمی ہاسٹل، میس اور مسجد کے انتظامات کی نگرانی، دروس و خطابات اور مختلف پروگرامز کے انتظامی معاملات کی نگرانی کرنا اور ارکان انجمن کے ساتھ رابطہ رکھنا شامل ہیں۔ دوران سال ایڈمن نے اپنی معمول کی ذمہ داریاں عمدگی سے ادا کیں۔ حسب ضرورت سرکاری دفاتر سے رابطے بھی جاری رہے۔

© rasailojaraid.

# اکاؤنٹس اور کیش سیکشن

شعبہ اکاؤنٹس اور کیش نے نہایت مختصر سٹاف کے باوجود اپنی معمول کی ذمہ داریاں احسن طریقہ سے ادا کیں۔ سالانہ اکاؤنٹس بروقت تیار کئے گئے اور خارجی محاسب' رحمان سرفراز اینڈ کمپنی کو آڈٹ کے لئے پیش کئے گئے۔ دوران سال مرکزی انجمن کے اکاؤنٹنٹ جناب محمد یونس صاحب کی اہلیہ شدید علیل رہنے کے بعد انتقال کر گئیں۔ بعد ازاں جناب اکاؤنٹنٹ صاحب کی طبیعت بھی ناساز رہی لیکن انہوں نے انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے سالانہ حسابات کی تیاری کو یقینی بنایا۔ اس کے لئے ادارہ ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ خارجی محاسب کے طور پر رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کی اعزازی خدمات مرکزی انجمن شروع ہی سے حاصل ہیں۔ یہ کمپنی مرکزی انجمن کے سالانہ اکاؤنٹس کو چیک کر کے آڈٹ رپورٹ مرتب کرتی ہے اور بعد ازاں ہمارے اکاؤنٹس کو (آڈٹ رپورٹ کے ہمراہ) CBR سے منظوری کے لئے محکمہ انکم ٹیکس میں submit کراتی ہے۔ مرکزی انجمن' کمپنی کی ان اعزازی خدمات کے لئے میر عبدالرحمٰن صاحب کی بے حد ممنون ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم میر صاحب کو بہترین اجر سے نوازے' آمین۔

مرکزی انجمن کو داخلی محاسب کے طور پر چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب کی اعزازی خدمات حاصل ہیں۔ محترم بٹر صاحب نہ صرف سال بھر اکاؤنٹس اور سٹاک رجسٹرز کو چیک کرتے ہیں' بلکہ ہر تین ماہ بعد کتب وکیسٹس کے سٹاک اور دیگر اثاثہ جات کو بھی چیک کرتے ہیں۔ مرکزی انجمن کی انتظامیہ موصوف کی ان خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم بٹر صاحب کو بہترین اجر عطا فرمائے۔ آمین!

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# بیلنس شیٹ برائے سال 2004-2003ء

# Balance Sheet as on 30-06-2004

| Liabilities | | Assets | |
|---|---|---|---|
| 3429000 | فکسڈ فنڈ موسسین، محسنین اور مستقل اراکین کی یکمشت ادائیگی | 32258907.84 | مستقل اثاثہ جات و سرمایہ کاری |
| | | 4042962.61 | مکتبہ مرکزی انجمن |
| 26000000 | فکسڈ اثاثہ جات فنڈ | 1530.90 | اسٹاک وسٹورز |
| 42145 | تعلیمی قرضہ فنڈ | 234995 | پیشگی رقوم و دیگر واجب الوصول رقم |
| 21637 | دیگر فنڈ | | |
| 109400 | سکیورٹی ڈیپازٹ | | |
| 30000 | قابل ادائیگی اخراجات | 10457.50 | بینک میں موجودہ رقم |
| 6920805.85 | میزان کل آمدن منہا اخراجات 30/ جون 2004ء | 4134 | امپریسٹ فنڈ |
| 36,552,987.85 | | 36,552,987.85 | |

© rasailojaraid.com

# Income and Expenditure

## A/C for the year ended 30-06-2004

| رقم | اخراجات | رقم | آمدن |
|---|---|---|---|
| 937039.41 | قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس (اخراجات منہا آمدن) | 814345 | ماہانہ اعانت |
| 260864 | ہاسٹل قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 7059504 | خصوصی دیگر اعانت |
| 213192.45 | مکتبہ انجمن (اخراجات منہا آمدن) | 124340 | خط و کتابت و دیگر کورسز فیس |
| 180273 | محاضرات قرآنی | | |
| 11825 | نقد امداد | 1337,723.56 | دیگر آمدنی |
| 198738.50 | دعوت و تبلیغ پبلسٹی | | |
| 569483 | مساجد | | |
| 243612 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل و میس | | |
| 1422385 | اسٹاف تنخواہ | | |
| 362872 | ٹیلی فون فیکس، بجلی، پانی و گیس بل | | |
| 238984 | آڈیٹوریم | | |
| 44031 | اولڈ ایج بینیفٹ | | |
| 365542 | مرمت اور مینٹیننس | | |
| 254339 | خط و کتابت و دیگر کورسز | | |
| 610087 | دیگر اخراجات | | |
| 3422644.45 | آمدنی منہا اخراجات | | |
| 9,335,912.56 | | 9,335,912.56 | |

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

## Shedule of Fixed Assets
## as at 30th June, 2004

| Total | Amount | Particulars of Land & Buildings |
|---|---|---|
| | 4781469.94 | قرآن اکیڈمی |
| | 10956607.25 | قرآن آڈیٹوریم وکالج بمع ہاسٹل |
| | 679401 | مسجد ومکتب والٹن |
| | 1000000 | لینڈ کوئٹہ |
| | 31000 | لینڈ سرگودھا |
| | 510000 | لینڈ شیخوپورہ |
| | 1834700 | بلڈنگ سمن آباد لاہور |
| 19960678.19 | 167500 | فلیٹ فردوس مارکیٹ |
| | | **Other Assets** |
| | 5524594.19 | قرآن اکیڈمی |
| | 129915.95 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل |
| | 4750 | فلیٹ فردوس مارکیٹ |
| | 894567.80 | قرآن کالج |
| | 420174.40 | قرآن کالج ہاسٹل اینڈ میس |
| | 476630 | قرآن آڈیٹوریم |
| 7481270.34 | 30638 | مسجد ومکتب والٹن |
| 27,441,948.53 | | کل رقم = |

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

# منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ

## انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی

### 1) دورۂ ترجمۂ قرآن:

انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی کے تحت رمضان المبارک کی راتوں میں نمازِ تراویح کے ساتھ مکمل دورۂ ترجمۂ قرآن کا سلسلہ گزشتہ تیرہ سالوں سے باقاعدگی سے جاری ہے۔ دورۂ ترجمۂ قرآن کا یہ سلسلہ تذکیر بالقرآن کے حوالے سے انتہائی مؤثر ریفریشر کورس کی مانند ہے۔ اس سلسلہ سے استفادہ کرنے والے حضرات و خواتین کی تعداد ہر سال بڑھتی جا رہی ہے۔ اس سال شہرِ کراچی میں حسب ذیل 10 مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام منعقد ہوئے:

| مقام | مدرس |
|---|---|
| 1- قرآن اکیڈمی' ڈیفنس | طاہر عبداللہ صدیقی صاحب |
| 2- قرآن اکیڈمی یاسین آباد | اشفاق حسین صاحب |
| 3- گلستان انیس کلب | شجاع الدین شیخ صاحب |
| 4- فاران کلب' انٹرنیشنل | انجینئر نوید احمد صاحب |
| 5- قرآن مرکز کورنگی | عامر خان صاحب |
| 6- قرآن سینٹر' ڈیفنس | زین العابدین جواد صاحب |
| 7- دفتر تنظیم اسلامی' آرام باغ | انجینئر نعمان اختر صاحب |
| 8- نوبل پوائنٹ' نارتھ ناظم آباد | اعجاز لطیف صاحب |
| 9- ایریا D-1 ' نزد سنہری مسجد' لانڈھی نمبر 1 | ریاض الاسلام فاروقی صاحب |
| 10- دوسری منزل' حق چیمبر' ایڈمنسٹریشن سوسائٹی | عبدالمقتدر' سعید الرحمان صاحبان |

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

## 2) حلقہ ہائے دروسِ قرآن/خطابات:

شہرِ کراچی کے کئی مقامات پر باقاعدگی سے حضرات و خواتین کے لئے دروسِ قرآن/خطابات کا انعقاد ہوتا ہے۔ ان میں سے قابلِ ذکر مقامات یہ ہیں:

| مقام | دن / وقت |
|---|---|
| مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس فیز VI | بدھ بعد نمازِ عشاء |
| مکان M-1/1, بلاک 6، PECHS | اتوار نمازِ فجر کے ایک گھنٹہ بعد |
| جامع مسجدِ طیبہ، متصل قرآن مرکز کورنگی، سیکٹر A - 35 | جمعرات بعد نمازِ عشاء |
| انگلش لیبارٹریز PECH سوسائٹی | ہفتہ 2:30 بجے دن |
| حق چیمبر، بالمقابل بسم اللہ تقی ہسپتال، کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی | جمعہ 9:00 بجے شب |
| گلستان انیس کلب، نزد ملِ پارک چورنگی، شہیدِ ملت روڈ | ہر ماہ کا دوسرا اتوار 11 بجے دن |
| نوبل پوائنٹ شادی ہال، نارتھ ناظم آباد | ہر ماہ کا دوسرا اتوار 11 بجے دن |
| قرآن اکیڈمی یاسین آباد | پیر، بعد نمازِ عشاء |

© rasailojaraid

# تعلیم و تربیت

## 1) ایک سالہ قرآن فہمی کورس:

بحمد اللہ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے زیرِ اہتمام ایک سالہ قرآن فہمی کورسز کا تسلسل کے ساتھ انعقاد ہو رہا ہے۔ اب تک 9 کورسز مکمل ہو چکے ہیں جن سے 200 سے زائد حضرات و خواتین استفادہ کر چکے ہیں، جن میں سے 35 حضرات و خواتین شہرِ کراچی کے مختلف مقامات پر دورہ ہائے ترجمہ قرآن کرنے، دروسِ قرآن دینے اور عربی گرامر کی تدریس کی خدمت بجالانے میں مصروف ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ انجمن کے تحت دسواں ایک سالہ قرآن فہمی کورس جاری ہے۔ 36 حضرات و خواتین اس کورس میں باقاعدگی سے شرکت کر رہے ہیں۔ آئندہ کورس 6 دسمبر 2004ء سے شروع کرنے کا ارادہ ہے۔

## 2) عربی گرامر برائے قرآن فہمی کلاسز:

اس سال شہرِ کراچی میں عربی گرامر کلاسز کے لئے ''عربی گرامر برائے قرآن فہمی'' کے نام سے ایک نئی کتاب متعارف کرائی گئی۔ اس کتاب کے ابتدائی حصہ میں عربی گرامر کے

© rasailojaraid

قواعد کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے اور بقیہ حصہ میں ان قواعد کے اطلاق کے لئے قرآن حکیم سے سات سورتوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اِن سورتوں میں الحجرات' الحدید' الصف' الجمعہ' المنافقون' التغابن اور التحریم شامل ہیں۔ یہ کورس 8 مقامات پر منعقد کیا گیا۔ ان کلاسز سے مجموعی طور پر تقریباً 67 حضرات نے استفادہ کیا۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں بروز ہفتہ اور حق اسکوائر' گلشنِ اقبال اور حق چیمبر' کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی میں بروز اتوار ہفتہ وار کلاس باقاعدگی سے جاری ہے۔ فارغ التحصیل طلباء نے اس کتاب کو بڑا مفید پایا اور اس بات کا اظہار کیا کہ اب وہ سہولت کے ساتھ قرآن حکیم کا ترجمہ کر سکتے ہیں۔

### 3) مدرسۃ البنین:

مدرسۃ البنین میں بچوں کو ناظرہ قرآنِ حکیم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ بنیادی دینی تعلیمات بھی سکھائی جاتی ہیں جن کا تعلق طہارت' نماز' معمولاتِ زندگی اور اخلاقیات سے ہے۔ مدرسۃ البنین میں 32 طلبہ باقاعدگی سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

© rasailojaraid.com

### 4) سمر کورس:

حسب سابق اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں طلبہ کے لئے دینی' معلوماتی و تربیتی سمر کورس منعقد کیا گیا۔ اس مرتبہ یہ کورس قرآن اکیڈمی کے علاوہ انجمن کے ذیلی ادارے قرآن مرکز کورنگی' قرآن اکیڈمی یاسین آباد اور حق چیمبر' کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی میں بھی منعقد ہوا۔ کورس کے شرکاء کو قرآن فہمی کے لئے بنیادی عربی گرامر' احادیث' سیرۃ النبیؐ آدابِ زندگی' تجوید کے بنیادی قواعد' نماز مع ترجمہ' نماز کے مسائل' تاریخ اُمتِ مسلمہ اور اخلاقیات کے مضامین کی تعلیم دی گئی۔ مؤرخہ 23 جولائی کو محترم حافظ عاکف سعید صاحب نے کامیاب طلبہ میں اسناد تقسیم فرمائیں۔

### 5) ماہانہ تربیتی پروگرام:

حسب سابق اس سال بھی شمسی ماہ کے تیسرے ہفتہ اور اتوار کو ماہانہ شب بیداری کا تربیتی پروگرام منعقد ہوتا رہا۔ یہ پروگرام ہفتہ کے روز 9:30 بجے شب سے شروع ہو کر اگلے روز صبح 11 بجے تک جاری رہتا ہے۔ اس پروگرام میں درج ذیل عنوانات کے تحت خطابات و دروس کا سلسلہ جاری رہتا ہے:

☆ مطالعۂ لٹریچر ☆ تذکیر بالقرآن ☆ مطالعۂ حدیث

© rasailojaraid.com

☆ حالات حاضرہ ☆ منتخب نصابِ قرآنی ☆ تذکیری گفتگو

مطالعۂ لٹریچر کرانے کی ذمہ داری محترم اعجاز لطیف صاحب ادا کرتے ہیں۔ منتخب نصابِ قرآنی کے اسباق کی تدریس کے فرائض انجینئر نوید احمد صاحب ادا کرتے ہیں۔ ہر درس کے اہم نکات کتابچہ کی صورت میں شرکاء کو فراہم کیے جاتے ہیں۔ قرآن وسنت کی روشنی میں حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ جناب اختر ندیم صاحب پیش کرتے ہیں۔ دیگر پروگراموں کے مقررین کی ذمہ داریاں مختلف رفقاء انجام دیتے ہیں۔

## 6) سالانہ ہفت روزہ تربیت گاہ:

قرآن اکیڈمی کراچی میں سالانہ ہفت روزہ تربیت گاہ جولائی **2004** میں منعقد کی گئی اور اس میں **80** حضرات نے شرکت کی۔ تدریس کے لئے جناب عاکف سعید صاحب، جناب اظہر بختیار خلجی صاحب، جناب شاہد اسلم صاحب، جناب رحمت اللہ بٹر صاحب اور جناب رشید ارشد صاحب لاہور سے تشریف لائے۔ کراچی سے نسیم الدین صاحب، انجینئر نوید احمد صاحب، شجاع الدین شیخ صاحب، ڈاکٹر محمد الیاس صاحب اور انجینئر نعمان اختر صاحب نے مدرسین کے فرائض انجام دیئے۔ اس تربیت گاہ میں شرکت سے ایک مسلمان کو اپنی دینی ذمہ داریوں کا واضح شعور حاصل ہو جاتا ہے۔

## 6) ہفت روزہ مدرّسین تربیت گاہ:

اس تربیت گاہ کا انعقاد جولائی **2004** میں کیا گیا۔ اس تربیت گاہ میں شرکاء کو مختلف موضوعات دیئے گئے جن پر انہوں نے بھرپور تیاری کر کے خطابات دیئے۔ شرکاء کی اصلاح کے فرائض جناب شاہد اسلم صاحب، انجینئر نوید احمد صاحب اور شجاع الدین شیخ صاحب نے انجام دیئے۔ شرکاء کی فکری و عملی رہنمائی کے لئے جناب عاکف سعید صاحب، جناب رحمت اللہ بٹر صاحب اور جناب رشید ارشد صاحب نے لیکچرز دیئے۔ اس تربیت گاہ میں **13** مدرسین نے شرکت کی اور انہوں نے اسے بہت مفید پایا۔

## 8) ٹائم مینجمنٹ ورکشاپ:

قرآن اکیڈمی کراچی میں **13** مارچ **2004**ء کو ایک روزہ ٹائم مینجمنٹ ورکشاپ منعقد کی گئی۔ ورکشاپ کے میزبان ڈاکٹر الیاس صاحب تھے۔ انہوں نے یہ ورکشاپ ***multimedia*** کے ذریعے منعقد کی۔ انہوں نے ورکشاپ کے دوران ایسی تدابیر

© rasailojaraid.com

بتائیں جن کے ذریعے کم وقت میں کئی کام کیے جاسکتے ہیں' بلکہ مزید سرگرمیوں کے لئے وقت فارغ کیا جاسکتا ہے۔ یہ ورکشاپ ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں کے لئے مفید تھی' لیکن اُن لوگوں کے لئے زیادہ افادیت کی حامل تھی جو دین کی خدمت کی خواہش رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ مناسب منصوبہ بندی کرکے خدمتِ دین کے لئے کافی وقت نکال سکتے ہیں۔

## 9) اعتکاف:

ہر سال کی طرح اس سال بھی رمضان المبارک میں نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن میں شرکت کے خواہشمند حضرات نے مسجد جامع القرآن میں اعتکاف کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اس سال معتکفین کی تعداد 165 تھی۔ معتکفین کے لئے روزانہ بعد نماز ظہر مختلف دینی موضوعات پر لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔

© rasailojaraid.

# شعبۂ خواتین

## 1) قرآن فہمی کورس:

جنوری 2003ء میں خواتین کا قرآن فہمی کورس شروع ہوا تھا جو کہ بحمداللہ 6 اگست 2004ء کو پایہ تکمیل کو پہنچا۔ کورس محترمہ بنت اعوان صاحبہ کی سرپرستی میں منعقد کیا گیا۔ انہوں نے مکمل ترجمہ وتفسیرِ قرآن کرانے کی سعادت حاصل کی۔ کورس میں ترجمہ وتفسیرِ قرآن کے علاوہ عربی گرامر' تجوید و ناظرہ' سیرت النبی ﷺ' نماز' زکوٰۃ' طہارت' حج کے مسائل' سنت کی اہمیت اور دینی وتحریکی لٹریچر کی تدریس کی گئی۔ دیگر معلمات نے بھی تدریس کے فرائض بہت محنت سے انجام دیئے۔ کورس میں 26 خواتین شریک تھیں جن میں سے 23 خواتین نے کورس مکمل کیا۔ 6 اگست کو کورس کی اختتامی تقریب منعقد کی گئی جس میں شریک خواتین کی تعداد ڈھائی سو سے متجاوز تھی۔

## 2) دورۂ ترجمہ قرآن:

رمضان المبارک کے دوران صبح 10 تا 12:30 دورۂ ترجمہ قرآن کا انعقاد کیا گیا۔ محترمہ بنت اعوان صاحبہ نے معلمہ کے فرائض انجام دیئے۔ اس پروگرام سے خواتین میں شوقِ تعلیم قرآن پیدا ہوتا ہے اور وہ آئندہ قرآن فہمی کورسز میں داخلہ کا ارادہ کرتی ہیں۔

© rasailojaraid.

## 3) ماہانہ دروس:

ماہانہ درس قرآن ہر ماہ کی آخری جمعرات کو دوپہر 3:30 تا 5:30 بجے منعقد ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے خواتین میں دینی شعور پیدا ہوتا ہے اور اُن پر قرآن کی فکر واضح ہوتی ہے۔ درس کے لئے ایسے موضوعات کا انتخاب کیا جاتا ہے جن کے ذریعے معاشرے میں پھیلی ہوئی برائیوں کی نشاندہی کر کے ان کے سدباب کے لئے لائحہ عمل دیا جاتا ہے۔

## 4) سمر کورس

ہر سال کی طرح اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں طلبہ و طالبات کے لئے ''امن کے پھول'' کے نام سے دو ہفتہ کا دینی و معلوماتی تربیتی کورس منعقد کیا گیا۔ 54 بچوں اور بچیوں نے کورس کی تکمیل کی۔ ان بچوں اور بچیوں کو اسناد دی گئیں۔

## 5) کلاس آف اسلام

یہ ایک ہفتہ وار تربیتی کلاس ہے جس میں بچوں کو دین کی بنیادی باتیں، قرآن میں وارد شدہ انبیاء علیہم السلام کے قصے، کلمے، دعائیں، نماز اور دوسری مفید معلومات سکھائی جاتی ہیں۔

## 6) ٹائم مینجمنٹ ورکشاپ:

اس سال مدرسۃ البنات میں زیرِ تعلیم خواتین کے لئے ٹائم مینجمنٹ کی کلاسوں کا انعقاد کیا گیا۔ محترمہ تہمینہ عادل صاحبہ نے یہ کورس کرایا۔ 30 سے زائد خواتین اس سے مستفید ہوئیں۔ اس کورس کے ذریعے گھریلو خواتین اور ورکنگ خواتین کو اپنے معمولات کو بہتر طریقے سے منظم کرنے کے ساتھ ساتھ دین کے کاموں کے لئے وقت نکالنے کے tools بتائے گئے۔

## 7) مدرسۃ البنات:

انجمن کے تحت مدرسۃ البنات 1996ء سے خدمات انجام دے رہا ہے۔ اس مدرسہ میں تجوید اور ناظرہ قرآن کی تعلیم تجربہ کار اور تربیت یافتہ معلّمات کے ذریعے دی جاتی ہے۔ مدرسہ سے استفادہ کرنے والے طلبہ و طالبات کی تعداد 108 ہے۔ مدرسہ میں داخلہ اور نظم و ضبط کے لئے باقاعدہ پالیسی اور قواعد و ضوابط ہیں۔ سال میں دو بار باقاعدگی سے امتحانات ہوتے ہیں۔

© rasailojaraid.c

# تصنیف و تالیف

تصنیف وتالیف کے حوالے سے قابلِ ذکر امور حسبِ ذیل ہیں:

i- منتخب نصاب حصّہ چہارم کے نکات برائے درس وتدریس کتابی صورت میں شائع کیے گئے۔

ii- "عربی گرامر برائے قرآن فہمی" کے عنوان سے ایک نئی کتاب مرتب کر کے شائع کی گئی۔ اس کتاب میں عربی گرامر کے قواعد کا خلاصہ اور منتخب نصابِ قرآنی سے سات سورتیں شامل کی گئی ہیں۔ ان سورتوں کے انتخاب کی حکمت یہ ہے کہ شرکاء قواعد کے اطلاق کے ساتھ جب اِن کا ترجمہ سیکھیں گے تو دین کے عملی تقاضے بھی اُن کے علم میں آجائیں گے اور وہ عمل کی طرف بھی راغب ہوں گے۔

iii- قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب میں شامل سورۂ فاتحہ سورۂ آلِ عمران' سورۂ نور' سورۂ تغابن' سورۂ قیامہ' سورۂ مومنون' سورۂ معارج' حقیقتِ نفاق' سورۂ منافقون اور سورۂ فرقان کے دروس کو کتابچوں کی صورت میں شائع کیا گیا۔ اس کے علاوہ ''انفاق فی سبیل اللہ'' اور "نبی اکرم ﷺ سے ہمارا تعلق اور اُس کے تقاضے'' کے موضوعات پر بھی کتابچے شائع کیے گئے۔

# شعبۂ سمع و بصر

سال 04-2003ء کے دوران شعبۂ سمع و بصر کی کارکردگی کے حوالے سے چند قابلِ ذکر امور کچھ اس طرح ہیں:

1- اکیڈمی ہال کے ساؤنڈ سسٹم کے ساتھ 2 عدد SpeakerMonitor اور بورڈ کو فوکس کرنے کے لئے 1 عدد کیمرہ اور 1 عدد "Sony TV34 لگایا گیا تا کہ دوران کلاس شریک خواتین بورڈ پر لکھی عبارت واضح طور پر پڑھ سکیں۔

2- شہر کراچی میں منعقد ہونے والے نگرانِ انجمن کے تمام خطابات کی آؤٹ ڈور آڈیو اور ڈیجیٹل ویڈیو ریکارڈنگ کی گئی۔

3- رمضان المبارک میں انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی کے تحت شہر کراچی میں مختلف مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن وتراویح کے پروگراموں کی خصوصی طور پر آؤٹ ڈور ڈیجیٹل ویڈیو ریکارڈنگ کی گئی' ساتھ ہی ان مراکز میں ساؤنڈ سسٹم کی کوالٹی کو بہتر رکھنے کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے۔

4- اس سال 22,000 دعوتی کیسٹس مفت تقسیم کے لئے ریکارڈ کی گئیں۔ ان میں سے

© rasailojaraid

18,000 کیسٹس ماہِ رمضان المبارک کے دوران ریکارڈ کی گئیں۔

5- QTV Channel کی انتظامیہ سے مسلسل رابطہ رکھا گیا اور اُن کے تعاون سے اِس Channel پر مندرجہ ذیل پروگرام نشر ہوئے :

☆ نگرانِ انجمن کا دورۂ ترجمہ قرآن' خلاصۂ مضامینِ قرآن اور منتخب نصاب۔

☆ رمضان المبارک کے دوران انجینئر نوید احمد صاحب کے رمضان اور قرآن کے موضوع پر 30 پروگرامز اور شجاع الدین شیخ صاحب کے فہمِ قرآن کے موضوع پر 30 پروگرامز۔

☆ ماہ ربیع الاول میں انجینئر نوید احمد صاحب کے سیرتِ حبیب ﷺ کے موضوع پر 12 پروگرامز۔

☆ Q-Campus کے عنوان سے شروع ہونے والے پروگرام میں عربی گرامر کلاس جس میں انجینئر نوید احمد صاحب مدرس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

☆ جناب ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب' جناب رحمت اللہ بٹر صاحب' جناب مختار حسین فاروقی صاحب' شجاع الدین شیخ صاحب اور مولانا غلام اللہ حقانی صاحب کے پروگرام جو کئی بار نشر کیے گئے۔

© rasailojaraid

6- اس سال شعبہ میں 62,963 آڈیو کیسٹس' 1,356 ویڈیو کیسٹس اور 5,754 سی ڈیز تیار کی گئیں۔

## آئی ٹی سیکشن

یہ شعبہ دورِ حاضر کے تقاضوں کے پیشِ نظر دینِ اسلام کی وسیع پیمانے پر نشر و اشاعت کے لئے مفید کام کر رہا ہے۔ قلیل عرصے میں شعبہ کے تحت انجام پانے والے قابلِ ذکر اُمور درج ذیل ہیں :

1- قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ www.quranacademy.com استفادہ کے لئے انٹرنیٹ پر دستیاب ہے۔

2- Networking کے دائرے کو وسعت دی گئی اور اب یہ 29 interlink system پر محیط ہے۔

3- رمضان المبارک میں تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کو فاران کلب اور گلستانِ انیس کلب سے live یعنی براہِ راست نشر کیا گیا۔

© rasailojaraid
© rasailojaraid

4- آئی ٹی سیکشن کی طرف سے باقاعدگی سے مختلف شعبہ جات کو سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر support فراہم کی جارہی ہے۔

5- نگرانِ انجمن کے دورۂ ترجمہ قرآن "بیان القرآن" کی Video CDs اور ابو ظبہی پروگرام کی آڈیو اوڈیو collection کو ویب سائٹ پر پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ انجینئر نوید احمد صاحب کی عربی گرامر کی پہلی کتاب کی Video CDs بھی ویب سائٹ پر استفادہ کے لئے مہیا کردی گئی ہیں۔

6- "بیان القرآن" کی CDs کو automated software میں تبدیل کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس سافٹ ویئر کے ذریعے سے مطلوبہ آیت کا انگلش اور اردو ترجمہ، اس کا متن اور قراءت سنی جا سکے گی۔ اس کے علاوہ مطلوبہ موضوعات پر آیات search engine کے ذریعے سے حاصل کی جاسکیں گی۔

7- ان شاء اللہ جلد ہی مختلف موضوعات اور الفاظ کو با آسانی search کرنے کے لئے Topic index اور Word index تیار کیا جارہا ہے۔

© rasailojaraid.com

## مکتبہ

قرآن اکیڈمی میں قائم مکتبہ سے استفادہ کی صورتِ حال ہر سال بہتر ہوتی جارہی ہے۔ مکتبہ میں الحمدللہ اب انجمن کے تحت شائع ہونے والی کتب کے علاوہ دیگر مفسرین و مصنفین کی تفاسیرِ قرآن، مجموعہ احادیث اور کئی دیگر اسلامی کتب دستیاب ہیں۔ شہرِ کراچی میں انجمن کے تحت دعوتی پروگراموں میں مکتبہ کی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس سال مکتبہ پر فروخت کے حوالے سے اعداد و شمار اس طرح ہیں:

| | سال 2003-2004ء (روپے) | سال 2002-2003ء (روپے) |
|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 5,65,219/- | 5,41,583/- |
| ویڈیو کیسٹس | 148,614/- | 93,016/- |
| CDs | 8,62,294/- | 3,82,159/- |
| کتب | 9,51,136/- | 8,10,403/- |
| کل میزان: | 25,27,263/- | 18,27,161/- |

© rasailojaraid.com

## کیسٹ لائبریری :

مکتبہ کے تحت کیسٹ لائبریری کے اعداد وشمار حسب ذیل ہیں:

آڈیو کیسٹس اسٹاک میں موجود 2658 عدد جاری ہونے والے 140 عدد

ویڈیو کیسٹس اسٹاک میں موجود 745 عدد جاری ہونے والے 40 عدد

## کیسٹ کلب ( مکتبہ کی ایک خصوصی کاوش ):

انجمن خدام القرآن سندھ ہر ہفتے (weekly) مسجد دارالسلام باغ جناح لاہور میں ہونے والے خطاب جمعہ کا کیسٹ کلب کے ممبران کے گھر/آفس تک پہنچانے کا انتظام کرتی ہے۔اس کے لئے سالانہ رعایتی ممبرشپ فیس 500 روپے ہے۔الحمدللہ کیسٹ کلب کے ممبران کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ اس وقت کیسٹ کلب کے ممبران 292 ہیں۔

© rasailojaraid.com

# نشر و اشاعت و تشہیر

i- دورہ ترجمۂ قرآن، قرآن فہمی کورس، سمر کورس اور اہم خطابات جمعہ کی تشہیر کے لئے اخبارات میں اشتہارات دیئے گئے۔

ii- قرآن فہمی کورس، دورۂ ترجمۂ قرآن، عربی گرامر کلاسز اور سمر کورس کی تشہیر کے لئے کثیر تعداد میں ہینڈ بلز شائع وتقسیم کیے گئے۔

iii- ماہِ رمضان المبارک کے دوران نگرانِ انجمن کے دورۂ ترجمۂ قرآن اور خلاصہ مضامین قرآن کی ویڈیو ریکارڈنگ کئی Cable Networks پر نشر کی گئی۔

iv- مسجد جامع القرآن میں آویزاں کیے گئے خصوصی نوٹس بورڈز پر انجمن کے تحت ہونے والے پروگرامز، کتب اور دیگر امور کی تشہیر باقاعدگی سے جاری رہی۔

v- عیدین کی نماز کے اوقات اور دیگر اہم پروگراموں کی اطلاعات کی اشاعت کے لئے اخبارات کو پریس ریلیز جاری کیے جاتے رہے۔

vi- انجمن کی سرگرمیوں کی تشہیر کے لئے 6000 بروشرز شائع کیے گئے۔

# ذیلی مراکز

## 1- قرآن مرکز کورنگی:

الحمدللہ قرآن مرکز کورنگی، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کا پہلا ذیلی مرکز ہے اور

© rasailojaraid.com

1995ء سے کام کر رہا ہے۔اس کی سرگرمیوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔اِن سرگرمیوں کا ایک مختصر جائزہ کچھ اس طرح ہے :

☆ شعبۂ حضرات :قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لئے 3 کلاسز میں 84 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔شعبۂ تربیت و تعلیم میں طلبہ کی تعداد 30 ہے۔ شعبۂ حفظ میں 18 طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔ ہفتہ وار درسِ قرآن کے شرکاء کی اوسط تعداد 50 ہے۔ ہر ماہ کے تیسرے اتوار کو بعد نمازِ عشاء تفہیمِ دین کے حوالے سے مختلف موضوعات پر لیکچرز کا انعقاد ہوتا ہے جس میں اوسطاً 70 حضرات وخواتین شریک ہوتے ہیں۔ ہر ماہ کے چوتھے اتوار کو ماہانہ تربیتی اجتماع ہوتا ہے جس میں اوسطاً 30 حضرات شریک ہوتے ہیں۔عربی گرامر برائے قرآن فہمی کلاس میں شرکاء کی تعداد 12 ہے۔اس سال سمر کورس میں 18 طلبہ شریک ہوئے۔

☆ شعبۂ خواتین:قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لئے 4 کلاسز میں 129 طالبات زیر تعلیم ہیں۔شعبۂ تجوید میں 2 کلاسز میں 33 خواتین باقاعدہ شریک ہوتی ہیں۔ ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو منعقد ہونے والے درس قرآن میں اوسطاً 100 خواتین شرکت کرتی ہیں۔رمضان المبارک کے بعد ایک سالہ قرآن فہمی کورس شروع کیا گیا جس سے 9 خواتین استفادہ کر رہی ہیں۔

☆ دارالمطالعہ :قرآن مرکز کورنگی کا دارالمطالعہ بھی باقاعدگی سے عام استفادے کے لئے دستیاب ہوتا ہے۔اس سال دارالمطالعہ سے 151 کتب' 141 آڈیو کیسٹس اور 36 ویڈیو کیسٹس جاری ہوئیں۔

☆ خصوصی پروگرام:

- رمضان المبارک میں دورۂ ترجمہ قرآن منعقد ہوا۔
- مارچ 2004ء میں رحمت اللہ بٹر صاحب نے ''فلسفۂ شہادت'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔
- 21 تا 25 اپریل 2004ء میں حضرات وخواتین کے لئے تفہیمِ دین کورس منعقد کیا گیا۔ مجموعی طور پر 200 کے قریب حضرات وخواتین نے اس کورس سے استفادہ کیا۔
- مئی 2004ء میں ڈاکٹر محمد الیاس نے ٹائم مینجمنٹ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

☆ سالانہ جلسہ : طلبہ و طالبات کے لئے علیحدہ علیحدہ سالانہ جلسوں کا انعقاد کیا گیا جن میں حسنِ قراءت' تقاریر اور دینی معلومات کا مقابلہ ہوا۔مقابلوں میں کامیاب

© rasailojaraid
© rasailojaraid

ہونے والے طلبہ و طالبات کو مفید کتابوں کے تحفے دیئے گئے اور مختلف کورسز کی تکمیل کرنے والے طلبہ و طالبات کو اسناد دی گئیں۔

## 2- قرآن اکیڈمی' یاسین آباد:

الحمدللہ قرآن اکیڈمی' یاسین آباد میں تعمیرات کا آغاز ہو چکا ہے۔ چار کمروں پر مشتمل دو بلاک کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ اکیڈمی کی مرکزی بلڈنگ کی تعمیر کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ اللہ کے بھروسے پر **Basement** کی تعمیر ابتدائی طور پر شروع کر دی گئی ہے جس کا رقبہ تقریباً **7000** اسکوائر فٹ ہے اور تعمیر کی مدت کا تخمینہ **9** ماہ ہے۔

اکیڈمی کی قابل ذکر سرگرمیوں کا اجمالی جائزہ حسب ذیل ہے:

☆ حسب معمول اس سال بھی اکیڈمی کے پلاٹ پر ماہِ رمضان میں دورۂ ترجمۂ قرآن منعقد کیا گیا۔

☆ ماہِ رمضان المبارک کے بعد عربی گرامر کی تعلیم کا آغاز کیا گیا۔ یہ کورس اب قریب الاختتام ہے۔

☆ مارچ **2004**ء میں صدر انجمن خدام القرآن جھنگ انجینئر مختار حسین فاروقی صاحب کا درسِ قرآن منعقد کیا گیا۔

☆ مورخہ **24** تا **28** مارچ **2004**ء دین کے جامع تصور کی وضاحت کے لئے پانچ روزہ تفہیم دین کورس کا انعقاد کیا گیا۔

☆ خواتین کے لئے بروز پیر' منگل' بدھ اور جمعرات تجوید' ترجمۂ قرآن اور عربی گرامر کلاسز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

☆ مورخہ **14** جون تا **16** جولائی **2004**ء میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے طلبہ و طالبات کی چھٹیوں کے دوران دینی تعلیمات پر مبنی ایک کورس منعقد کیا گیا جس سے **36** طلبہ اور **33** طالبات نے استفادہ کیا۔

## 3- قرآن مرکز لانڈھی:

ان شاء اللہ قرآن مرکز لانڈھی عنقریب تصوراتی خاکہ سے نکل کر حقیقت کا روپ دھارنے والا ہے۔ مرکز کے لئے لانڈھی نمبر **2** کے علاقے میں **120** گز کا ایک مکان خریدا جا رہا ہے جس کے لئے بیعانہ دیا جا چکا ہے۔ امید ہے کہ ماہِ اگست کے آخر تک یہ جگہ انجمن

© rasailojaraid.

کے حوالے کر دی جائے گی اور جلد ہی تعمیراتی کام شروع ہو جائے گا۔

## 4- قرآن مرکز نارتھ کراچی:

محترم جناب تجلی حسین صاحب کی طرف سے نارتھ کراچی میں 240 گز کا ایک پلاٹ قرآن مرکز نارتھ کراچی کے لئے ہبہ کیا گیا۔ یہ پلاٹ انجمن کے نام منتقل ہو چکا ہے اور اب اس پر تعمیر کے لئے نقشہ جات کی تیاری کا کام جاری ہے۔

# چند قابلِ ذکر امور

## 1- دیگر اداروں میں لیکچرز و خطابات:

الحمدللہ اس سال بھی چند تعلیمی و دیگر اداروں کی طرف سے انجمن کو عربی گرامر کلاسز اور مختلف موضوعات پر لیکچرز و خطابات کی دعوت دی گئی جس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

☆ ضیاء الدین میڈیکل یونیورسٹی میں عربی گرامر کی کلاسز اس سال بھی جاری رہیں جس کی ذمہ داری جناب ڈاکٹر الیاس صاحب نے انجام دی۔

© rasailojaraid.

☆ ہمدرد یونیورسٹی میں حسبِ سابق جناب نوید انصاری صاحب نے Philosophy of Qur'an کے عنوان کے تحت انگریزی میں لیکچرز دیئے۔ انجمن کے تحت اس کورس کی تدریس کے سلسلہ کا یہ تیسرا batch ہے۔

☆ نیوی انجینئرنگ کالج (PNS JAUHAR) میں انجینئر نعمان اختر صاحب Graduation کے طلبہ کو انگریزی میں Islamic Studies کا مضمون پڑھا رہے ہیں۔

☆ انجینئر نوید احمد صاحب نے انکم ٹیکس بار ایسوسی ایشن کراچی کے تحت جناح ہال سوسائٹی میں، جامع مسجد عسکری IV راشد منہاس روڈ اور روزنامہ Dawn کی امپلائز یونین کے زیرِ اہتمام پروگرام میں "سیرت النبی ﷺ" کے موضوع پر خطابات کیے۔ موصوف نے کامکس انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایجوکیشن میں چیف گیسٹ کی حیثیت سے "اقبال اور قرآن" کے موضوع اور آفیسر کمانڈنگ اسکول آف ایروناٹکس PAF کورنگی کریک بیس میں "قرآن کا انسانِ مطلوب" کے موضوع پر خطاب کیا۔

☆ شجاع الدین شیخ صاحب نے PNS JAUHAR آڈیٹوریم میں "Qur'an and Modern Sceince" کے موضوع پر انگریزی میں خطاب کیا اور

© rasailojaraid.

multimedia پر presentation دی۔اس کے علاوہ تابانی اسکول آف اکاؤنٹنسی کے annual dinner کی تقریب منعقدہ بحریہ آڈیٹوریم' Jhonson & Jhonson Ltd' محمد اسماعیل محمد اسلم (MIMA) فیکٹری' کورنگی' اور Employees Old Age Benefit Institution میں''سیرت النبی ﷺ'' کے موضوع پر خطاب کیا۔

## 2- فاران کلب میں درسِ قرآن :

فاران کلب انٹرنیشنل کے زیرِ اہتمام ماہانہ درسِ قرآن کا پروگرام باقاعدگی کے ساتھ ہر مہینہ کے پہلے اتوار کو جاری ہے۔ اکیڈمک ڈائریکٹر انجینئر نوید احمد صاحب یہ ذمہ داری بڑے احسن طریقہ سے انجام دے رہے ہیں۔ اس پروگرام میں تقریباً 700 حضرات و خواتین شریک ہوتے ہیں۔درس کے نکات پر مشتمل کتابچہ شرکاء کو تحفتاً پیش کیا جاتا ہے۔

## 3- انٹرنیٹ پر لیکچرز :

© rasailojaraid.

الحمد للہ www.paltalk.com کے گروپ "By language : India & Pakistan" کے روم Quranacademy میں پاکستان کے وقت کے مطابق روزانہ رات 10:30 بجے live پروگرامز Pakistan کا انعقاد ہوتا ہے جس میں متحدہ عرب امارات' امریکہ' برطانیہ' کینیڈا اور بھارت سے سامعین شرکت کرتے ہیں۔

## 4- اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر کا استعمال:

انجمن کے داخلی محاسب اعجاز لطیف صاحب کی کاوشوں سے One Step Accounting Software کے استعمال کا آغاز کیا جارہا ہے جس سے ایک Transaction کو جسے پہلے 6 تا 7 مختلف رجسٹروں میں الگ الگ لکھنا پڑتا تھا' اب ایک ہی جگہ درج کرنا پڑتا ہے اور متعلقہ جگہوں پر خود بخود اندراج ہو جاتا ہے۔صرف Data درج کرنا ہوتا ہے اور تمام قسم کی Calculations خود بخود ہو جاتی ہیں۔کسی بھی انفرادی یا اجتماعی اکاؤنٹ کی تفصیل فوراً دیکھی جاسکتی ہے۔ ہر اکاؤنٹ کا آسانی سے کسی بھی وقت تجزیہ کیا جاسکتا ہے اور مختلف رپورٹس اور چارٹس حاصل کئے جاسکتے ہیں۔مکتبہ (کتب اور کیسٹ وغیرہ) کا اسٹاک رکھنا ایک بڑا مسئلہ تھا جواب اس سافٹ ویئر کے سبب

© rasailojaraid.

آسان ہو گیا ہے۔

## آئندہ کے منصوبے

1- قرآن اکیڈمی یاسین آباد کے Basement کی جلد از جلد تعمیر کا منصوبہ ہے تا کہ یہاں ایک سالہ قرآن فہمی کورس کا آغاز کیا جا سکے۔

2- شعبۂ سمع و بصر میں CD ریکارڈنگ اور ویڈیو ایڈیٹنگ کی سہولیات فراہم کرنے کا منصوبہ ہے۔

3- الحمدللہ قرآن اکیڈمی کے تمام شعبہ جات کے کمپیوٹرز کو networking کے ذریعے link کر دیا گیا۔ ان شاءاللہ اگلے مرحلے کے طور پر کراچی شہر کے مختلف مراکز کو بھی interlink کیا جائے گا۔

4- منتخب نصاب کے حصہ پنجم کے نوٹس کی Composing کا کام جاری ہے۔ ان شاءاللہ عنقریب ان نوٹس کو کتابی صورت میں شائع کر دیا جائے گا۔

5- ''سود۔ حرمت، خباثتیں، اشکالات'' کے عنوان سے ایک مختصر لیکن نہایت جامع اور مفید کتاب کا انگریزی میں ترجمہ زیرِ طباعت ہے۔ مترجم کے فرائض کراچی یونیورسٹی شعبہ انگریزی کے لیکچرر جناب طیّب زیدی صاحب نے انجام دیئے۔ ترجمہ پر نظرِ ثانی محترم جناب ڈاکٹر ابصار احمد صاحب نے کی ہے۔ ان شاءاللہ عنقریب اس ترجمہ کو شائع کر دیا جائے گا۔

6- مدرسین اور مترجمین کی سہولت کے پیشِ نظر قرآن کریم کا ایک رواں اور آسان ترجمہ تیار کرنے کا کام جاری ہے۔ طویل آیات کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کر کے متن اور ترجمہ کو ایک ساتھ شائع کیا جائے گا تا کہ درسِ قرآن دیتے ہوئے یا ترجمۂ قرآن کرتے ہوئے ترجمہ کی روانی برقرار رہے۔

© rasailojaraid.

© rasailojaraid.

# انجمن خدام القرآن ملتان

## دورۂ ترجمۂ قرآن

فرمان نبویؐ کی رو سے رمضان المبارک کے دوران اپنی راتوں کو قرآن حکیم کے ساتھ بسر کرنے کی غرض سے ترتیب دیا گیا یہ پروگرام امسال بھی اللہ تعالیٰ کی مدد اور توفیق سے بھرپور طور پر منعقد کیا گیا جس میں مدرس کے فرائض راقم الحروف نے ادا کیے۔ پروگرام کی تشہیر کے لئے مناسب تعداد میں ہینڈ بلز' پاکٹ کارڈز' ھینگنگ کارڈز اور بینرز بنوائے گئے۔ اس پروگرام میں ملتان اور گرد و نواح سے تقریباً 150 مرد اور چالیس کے قریب خواتین باقاعدہ طور پر شریک ہوتے رہے جبکہ آخری عشرہ میں حاضری میں نمایاں اضافہ ہو گیا۔ دوران وقفہ شرکاء کی چائے اور بسکٹ سے تواضع کی گئی جبکہ بیرون ملتان سے آنے والے حضرات کے لئے بلا معاوضہ قیام و طعام کا اہتمام کیا گیا۔ ماہِ مبارک کے آخری عشرے میں پینتالیس افراد نے مسجد کے اعتکاف ہال میں قیام کیا جس کے لئے اجتماعی سحری و افطاری کا اہتمام کیا گیا۔

## عربی گرامر کورس

قرآن حکیم کی تعلیمات سے براہِ راست استفادے کے لئے عربی زبان کی ترویج انجمن ہذا کے بنیادی اغراض و مقاصد میں شامل ہے۔ عربی گرامر کی تدریس کے لئے اس سال قدرے مختلف طریقہ اختیار کرتے ہوئے پہلے کم دورانیے کی تین تعارفی کلاسز کا اجراء کیا گیا جس کے بعد ان کلاسز کے شرکاء کو چار ماہ کے دورانیے پر مشتمل تفصیلی کورس میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ کم دورانیے کی کلاسز میں اوسطاً بیس افراد نے شرکت کی' تاہم ان کلاسز کے اختتام پر جب تفصیلی کلاس شروع ہوئی تو اس میں حاضری حوصلہ افزا نہ تھی جس کی متعدد وجوہ سامنے آئیں۔ اگلے پروگرام میں ان شاء اللہ ان کے ازالے کی کوشش کی جائے گی۔

## ترجمہ و تفسیر قرآن کلاس

مؤرخہ 15 جنوری 2001ء سے جاری یہ کلاس بفضلہٖ تعالیٰ 16 / مارچ 2004ء کو اختتام پذیر ہوئی۔ اس کے اختتام پر ایک سادہ سی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں اس

© rasailojaraid

پروگرام کی تکمیل پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا گیا اور شرکائے کلاس کی مستقل مزاجی کو سراہا گیا۔ شرکائے کلاس کو بھی اس پروگرام سے متعلق اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا گیا اور ان کی طرف سے پیش کی گئی تجاویز و آراء کو آئندہ کے پروگرام میں مدنظر رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس پروگرام میں 45 مرد اور پندرہ خواتین نے شرکت کی۔

نمازِ عشاء کے بعد شرکاء کی پرتکلف کھانے سے تواضع کی گئی اور ان کی خدمت میں محترم بانیٔ تنظیم کی دو کتب "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" اور "تنظیم اسلامی کی دعوت" تحفتاً پیش کی گئیں۔ مزید برآں سب سے زیادہ باقاعدہ طالب علم کو "منہج انقلابِ نبوی" پیش کی گئی۔

مؤرخہ 5 ر اپریل 2004ء کو ترجمۂ قرآن کی نئی کلاس کا آغاز کیا گیا جس کی تشہیر کے لئے دس ہزار ہینڈ بلز اور بیس عدد بینرز بنوائے گئے۔ مزید برآں چار عدد اخباری اشتہار بھی دیئے گئے۔ ابتداءً اس کلاس میں تقریباً ساٹھ مردوں اور بیس خواتین نے شرکت کی تاہم اس وقت چالیس مرد اور دس خواتین اس کلاس سے مستفید ہو رہے ہیں۔

© rasailojaraid

## نظامِ خطابِ جمعۃ المبارک

جامع مسجد قرآن اکیڈمی میں نماز جمعہ کا نظام گزشتہ چودہ سال سے مستقل طور پر جاری ہے جس میں قرب و جوار سے تقریباً تین سو مرد حضرات اور لگ بھگ پچاس خواتین شریک ہوتے ہیں۔ خطابِ جمعہ کی ذمہ داری سعید اظہر عاصم صاحب اور راقم الحروف ادا کرتے ہیں جس میں دین کی بنیادی تعلیمات کے علاوہ اس کے حرکی اور عملی پہلوؤں سے لوگوں کو روشناس کرایا جاتا ہے۔

## مکتبہ

انجمن خدام القرآن ملتان کے زیرِ اہتمام ایک مکتبہ کا بھی بندوبست کیا گیا ہے جس میں مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی شائع کردہ کتب، آڈیو / ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز فروخت کی جاتی ہیں۔ امسال ان کی فروخت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور اس میں مزید اضافے کے لئے تجاویز روبعمل ہیں۔ کتب و کیسٹس فروخت کے علاوہ مناسب سکیورٹی کے عوض عاریتاً بھی جاری کی جاتی ہیں۔ ان کے اجراء میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

## شعبۂ حفظ

قرآن اکیڈمی انجمن خدام القرآن ملتان میں بچوں کے لئے حفظ کی تعلیم کا بھی اہتمام

© rasailojaraid

ہے جس کے لئے دو سیکشن بنائے گئے ہیں۔ ہر سیکشن میں زیادہ سے زیادہ پچیس طلبہ کو داخلہ دیا جاتا ہے تاکہ تمام طلبہ اپنے معلم کی مناسب توجہ حاصل کر سکیں۔ امسال 6 بچوں نے قرآن حکیم کو حفظ کرنے کی سعادت حاصل کی۔

مزید برآں بچوں کے لئے قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم کا بھی اہتمام ہے۔ یہ کلاس عصر تا مغرب منعقد ہوتی ہے جس میں اس وقت 25 بچے قرآن حکیم کی ناظرہ تدریس کر رہے ہیں جبکہ دوران سال 8 بچوں نے قرآن حکیم کی ناظرہ تدریس مکمل کی۔

## اقرأ کلاس

ادارہ شان اسلام لاہور کے زیر نگرانی اقرأ سکول پراجیکٹ کے نام سے پورے پنجاب میں بہت سے سکول قائم کئے گئے ہیں۔ ان اداروں کا بنیادی مقصد ایسے بچوں کو جو کسی وجہ سے پہلے اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکے ہیں' تین سال کے اندر پرائمری تک تعلیم دلانا ہے۔ یہ ادارے ایک استاد ایک کلاس کے اصول پر قائم کئے گئے ہیں' یعنی ایک کلاس کو تین سال میں پرائمری تعلیم مکمل کروانے کے بعد نئی کلاس شروع کی جاتی ہے۔ اس پراجیکٹ کے تحت ایک ادارہ قرآن اکیڈمی انجمن خدام القرآن ملتان میں بھی قائم کیا گیا ہے۔ نصاب تعلیم کا تعین اور کلاس انسپکشن ادارہ شان اسلام لاہور کے ذمہ ہے۔ انسپکشن ہر دو ماہ بعد ہوتی ہے۔ اس وقت یہ کلاس چوتھی جماعت کی تدریس کر رہی ہے۔

## اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

حسب روایت اس سال بھی گرمیوں کی چھٹیوں میں طلبہ کو اسلامی تعلیمات سے روشناس کرانے کے لئے اسلامک جنرل نالج ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب' روزمرہ کے معمولات سے متعلق احادیث مبارکہ و اذکار مسنونہ' اقبالیات اور بنیادی انگلش گرامر جیسے موضوعات کی تدریس کا اہتمام کیا گیا۔ اس پروگرام کی بینرز' ہینڈ بلز اور اخباری اشتہارات کے ذریعے مناسب تشہیر کا بندوبست کیا گیا۔ ابتداءً اس کلاس میں 18 افراد نے شرکت کی تاہم بعد میں یہ تعداد بتدریج کم ہوتی چلی گئی اور اس ورکشاپ کو بھی وقت سے پہلے ختم کرنا پڑا۔

## خواتین کے لئے پروگرام

i) خواتین کے لئے قرآن پاک کی ناظرہ تدریس کی کلاس دوران سال باقاعدگی سے

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

جاری رہی۔ اس کلاس کو ایک مستند قاریہ صاحبہ پڑھا رہی ہیں، جس میں پچیس کے قریب خواتین قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

ii) ترجمہ و تفسیر قرآن کلاس میں بھی خواتین کی شرکت کا اہتمام ہے جس میں دس خواتین باقاعدگی سے شریک ہو رہی ہیں۔

iii) ہفتہ وار فہم قرآن و سنت کلاس برائے خواتین باقاعدگی سے جاری رہی جس میں محترمہ صغریٰ خاکوانی صاحبہ اور محترمہ ڈاکٹر ربیعہ صاحبہ نے تدریس کے فرائض سرانجام دیئے۔

## تقاریب خطبہ نکاح

اصلاح الرسوم کے حوالے سے انجمن خدام القرآن ملتان اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کی ادائیگی کی بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں خطباتِ جمعہ میں سماجی رسومات سے متعلق اسلامی نقطۂ نظر کو عوام الناس کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور عملی نمونے کے طور پر جامع مسجد قرآن اکیڈمی میں مسنون تقاریب نکاح منعقد کی جاتی ہیں۔ امسال دس مسنون تقاریب منعقد ہوئیں جن کے ذریعے خطبۂ نکاح میں پنہاں ہدایات کو لوگوں کے سامنے اجاگر کیا گیا اور ان احکامات کے ہماری زندگی پر مرتب ہونے والے اثرات پر روشنی ڈالی گئی۔

## متفرق پروگرام

(1) مؤرخہ 17 دسمبر 2003ء کو محترم ڈاکٹر طاہر ابرار صاحب نے قرآن اکیڈمی ملتان میں ''خدا اور سائنس'' کے موضوع پر خطاب کیا۔ اس پروگرام میں کم و بیش تین سو افراد نے شرکت کی۔

(2) مؤرخہ 6 جون 2004ء کو انجمن ہذا کے زیر اہتمام شنگریلا چائنیز ریسٹورینٹ میں محترم ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب نے ''ربّ ہمارا'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ اس پروگرام میں بھی کم و بیش 200 خواتین و حضرات نے شرکت کی۔

اللہ تعالیٰ سے التجا ہے کہ وہ ہماری ان حقیر سی کوششوں کو شرفِ قبول عطا فرمائے اور جن جن لوگوں نے بھی اس کارِ خیر میں انفاقِ جان و مال کیا ہے وہ ان کے لئے توشۂ آخرت بنا دے اور ہمیں اس بات کی توفیق بخشے کہ مزید تندہی کے ساتھ اس کے دینِ مبین کی خدمت سرانجام دے سکیں۔ آمین!

(ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی)

© rasailojaraid

# انجمن خدام القرآن فیصل آباد

انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے تاحیات صدر جناب عبدالسمیع صاحب سال 2003-2004ء کا بیشتر حصہ ملک سے باہر رہے اور قائم مقام صدر خواجہ محمود اختر صاحب انجمن کی سرگرمیوں کی نگرانی کرتے رہے۔

## درس قرآن

انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے تحت ہفتہ وار درس قرآن کے چار پروگرام مستقل بنیادوں پر جاری رہے۔ قرآن اکیڈمی میں پروفیسر خان محمد' العزیز مسجد کریم ٹاؤن اور TIPS کالج میں سید کفیل احمد ہاشمی صاحب درس قرآن کی خدمات سرانجام دیتے رہے جبکہ انجمن کے تاحیات صدر نے وطن واپس آتے ہی قرآن اکیڈمی کے درس کا چارج سنبھالا اور آغازِ قرآن سے ابتدا کی۔

© rasailojaraid.

## دورۂ ترجمہ قرآن

حسب سابق رمضان المبارک میں دو مقامات پر دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام ہوا۔ قرآن اکیڈمی میں سید کفیل احمد ہاشمی اور مسجد العزیز میں ڈاکٹر فاروق احمد میاں نے یہ ذمہ داری سنبھالی۔

## قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ

انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے صدر جناب ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب نے دورۂ ترجمہ قرآن کے نقطہ نظر سے قرآن مجید کا جو انگریزی ترجمہ جنوری 2000ء میں لکھنا شروع کیا تھا وہ سال 2003ء کے وسط میں اللہ کی تائید و نصرت سے پایہ تکمیل کو پہنچا۔ فللہ الحمد!

## جرائد کا اجراء

دوران سال تمام اراکین انجمن کو حکمت قرآن ہر ماہ اعزازی طور پر بھجوانے کا بندوبست کیا گیا جن کی تعداد 72 تھی۔

© rasailojaraid.

## مکتبہ

انجمن ہٰذا کے تحت دفتر تنظیم اسلامی صادق مارکیٹ' العزیز مسجد اور قرآن اکیڈمی میں مکتبہ کی سہولت دستیاب ہے۔ اس سال تقریباً 5000 روپے کی کتب و CD`s فروخت ہوئیں جبکہ تقریباً 4800 آڈیو کیسٹس فروخت ہوئیں جو کہ مقامی طور پر ریکارڈ کی گئیں۔

## ممبر شپ کی کیفیت

حلقہ مستقل اراکین میں 5 افراد شامل ہوئے اور عام اراکین میں 12 افراد کا اضافہ ہوا۔ حلقہ محسنین میں چار افراد شامل ہوئے جبکہ حلقہ مستقل اراکین میں سے ایک رکن اور عام اراکین میں سے 14 نے معذرت کی۔

## زیر تعمیر قرآن اکیڈمی

© rasailojaraid.c

مسجد قرآن اکیڈمی کی چھت ڈالی گئی اور ہال کا کام جاری رہا' جبکہ مسجد سے ملحقہ گیراج کے اوپر 20 کے قریب انتہائی نفیس باتھ روم اور وضو خانے تعمیر کیے گئے۔


صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن و بانی تنظیم اسلامی

**ڈاکٹر اسرار احمد**

کے پانچ خطبات جو سالانہ محاضرات ۱۹۹۱ء میں دیئے گئے

**حقیقت ایمان**

تسوید و ترتیب: مولانا ابو عبد الرحمٰن شبیر بن نور

﴿اہم موضوعات﴾

■ ایمان کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم ■ ایمان کا موضوع
■ قانونی اور حقیقی ایمان کا فرق اور ان کے ضمن میں کلامی مباحث
■ ایمان و عمل کا باہمی تعلق ■ ایمان اور نفاق ■ ایمان حقیقی کے سرچشمے

اشاعت خاص: 90 روپے اشاعت عام: 50 روپے


© rasailojaraid.c

# انجمن خدام القرآن سرگودھا

انجمن خدام القرآن سرگودھا میں اس سال ترقی کی رفتار گزشتہ سال کی نسبت کچھ سست رہی۔ اس سال کا ایک اجمالی جائزہ پیش خدمت ہے:

## 1) دورۂ ترجمۂ قرآن:

امسال حسب روایت رمضان مبارک میں دورۂ ترجمہ قرآن کا اہتمام کیا گیا۔ مشاورت میں یہ طے پایا تھا کہ مکمل دورۂ ترجمہ قرآن کی بجائے خلاصۂ مضامین پر ہی اکتفا کیا جائے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے استفادہ کر سکیں۔ خلاصۂ مضامین قرآن کی ذمہ داری ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب کے حصے میں آئی اور قرآن مجید سنانے کی سعادت انجمن ہی کے ممبر حافظ زین العابدین نے حاصل کی۔ مجموعی حاضری تقریباً 35 سے 40 تک رہی۔

## 2) باقاعدہ دروسِ قرآن کے حلقے:

1) ہر ماہ کے پہلے اور تیسرے اتوار مسجد قباء میں بعد از نماز عشاء درس قرآن کا پروگرام ہوتا ہے۔ اس میں انجمن کے اراکین درس دیتے ہیں۔

2) ہر جمعہ کو بعد از نماز عشاء مسجد ابوالقاسم بلاک 13 میں درس قرآن ہوتا ہے۔ یہ ذمہ داری ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نبھاتے ہیں۔ اس درس میں حاضری تقریباً 60 سے 100 تک ہوتی ہے۔

3) روزانہ بعد از نماز فجر مسجد جامع القرآن میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب کا درس قرآن ہوتا ہے۔

4) ہر ماہ کے آخری ہفتے ڈاکٹر رفیع الدین کی رہائش گاہ پر درسِ قرآن ہوتا ہے۔

## 3) اصلاح رسومات وخطبہ نکاح:

ماہِ اگست 2003ء میں ڈاکٹر رفیع الدین کی ہمشیرہ کے نکاح کی تقریب مسجد توحید بلاک 19 میں منعقد ہوئی جس میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے نہایت مؤثر انداز میں دین میں نکاح کا مقصد اور نکاح کے موقع پر ہونے والی رسوماتِ جاہلیہ پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے

© rasailojaraid
© rasailojaraid

اختتام پر انجمن کی طرف سے شرکاء کو "خطبہ نکاح ——— ایک اصلاحی تحریک" کے کتابچے تقسیم کئے گئے۔ اصلاحِ رسومات کی تحریک کے سلسلے میں نکاح کی ایک اور تقریب مسجد جامع القرآن میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر خصوصی طور پر امیر محترم حافظ عاکف سعید صاحب تشریف لائے۔

سرگودھا شہر کے قریب قصبہ ماڑی میں ایک مسجد میں تقریب نکاح مقرر ہوئی۔ اس موقع پر ڈاکٹر رفیع الدین نے نکاح پر ہونے والی ہندووانہ رسومات پر روشنی ڈالی اور خطبہ نکاح دیا۔ اس طرح انجمن کی طرف سے ایسے مواقع پر اصلاح رسومات کے سلسلے میں ایک کوشش جاری ہے۔

## 4) عربی کورس کا آغاز

مسجد جامع القرآن میں عربی کورس کا آغاز کیا گیا۔ نو (9) اشخاص نے اس کورس میں داخلہ لیا۔ کچھ عرصہ باقاعدگی سے ہفتہ وار عربی کلاس ہوتی رہی اس کے بعد اس میں تعطل آ گیا' اب ان شاء اللہ اسے پھر سے شروع کرنے کا پروگرام ہے۔

## 5) نئے ممبران

اس سال انجمن میں تقریباً نو (9) ممبران کا اضافہ ہوا۔

## 6) مکتبہ و لائبریری

انجمن کے مکتبہ میں موجود کتب کی تعداد 999 ہے۔ اس میں ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی تصانیف کے علاوہ دوسرے مصنفین کی کتب تفاسیر اور احادیث کی کتابیں بھی شامل ہیں۔
اس سال کے دوران انجمن کی لائبریری سے 325 کتب جاری ہوئیں۔ لائبریری میں کل 580 آڈیو اور 142 وڈیو کیسٹس موجود ہیں۔ سال رواں کے دوران 174 آڈیو اور ویڈیو کیسٹس جاری ہوئیں۔

## 7) رجوع الی القرآن کے لئے مفت لٹریچر کی تقسیم

انجمن کی طرف سے مختلف مواقع پر کثیر تعداد میں لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ اس میں "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" "نبی کریم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں" "دنیا کی عظیم ترین نعمت قرآن حکیم" کے کتابچے شامل ہیں۔ (مرتبہ: محمد موسیٰ' ڈاکٹر رفیع الدین)

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن پشاور

## 1) محترم ڈاکٹر صاحب کے پروگرام

بانی تنظیم محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دو پروگرام انجمن کے تحت ہوئے۔ پہلا پروگرام مؤرخہ 8/اپریل 04ء کو اوقاف آڈیٹوریم پشاور میں ہوا۔ موضوع تھا ''موجودہ حالات میں اسلام اور پاکستان کا مستقبل'' اس میں سامعین کی حاضری تقریباً 350 تھی۔ دوسرا پروگرام مؤرخہ 6/جون 04ء کو اوقاف آڈیٹوریم پشاور میں ہوا۔ ڈاکٹر صاحب کے خطاب کا موضوع ''رسول انقلاب ﷺ کا طریقِ انقلاب'' تھا۔ اس پروگرام میں تقریباً 350 تا 400 افراد نے شرکت کی۔

## 2) سمر کوچنگ کلاسز

سمر کوچنگ کلاسز شروع کرنے کا پروگرام بنایا گیا جس کے نصاب میں ابتدائی عربی گرامر اور مختلف لیکچروں کے ذریعے تنظیم کی دعوت دینا شامل تھا۔ اس مقصد کے لئے اخبارات میں اشتہارات دیئے گئے' بینرز چھپوائے گئے' لیکن طالب علموں کی عدم دلچسپی کی وجہ سے یہ کلاسز شروع نہ کی جاسکیں۔ اس مد میں تقریباً 6700 روپے خرچ ہوئے۔

## 3) کتب و کیسٹس کی فروخت

اس سال کے دوران انجمن سرحد/پشاور کے مکتبہ سے تقریباً 55600 روپے کی کتب و کیسٹس اور سی ڈیز فروخت ہوئیں۔

(ڈاکٹر محمد اقبال صافی' صدر انجمن خدام القرآن پشاور)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن جھنگ

انجمن اپنے قیام کے بعد سے ہی قرآن مجید کے علوم کی نشر واشاعت اور عربی زبان کی ترویج کے لئے دن رات کوشاں ہے۔ اس مقصد کے لئے شہر میں مختلف مقامات پر دروس قرآن مجید' خطبات جمعۃ المبارک اور تقاریر کے ذریعے لوگوں تک قرآن مجید کا پیغام اور انجمن کے مقاصد عام کرنے کی کوشش اس سال کے دوران بھی بھرپور طریقے سے جاری رہی۔ دو عربی کلاسیں منعقد کی گئیں۔ رمضان المبارک کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن کا انعقاد ہوا انجمن کے تحت جدید تعلیم یافتہ کی دینی رہنمائی اور جذبہ وشوق بیدار کرنے کے لئے ایک پچیس روزہ کل وقتی تربیت گاہ کا پروگرام تشکیل دیا گیا ہے جو اپریل 04ء میں کامیابی سے منعقد ہو چکا ہے۔ اور مزید ایسی تربیت گاہیں منعقد کرنے کا پروگرام ہے۔

رجوع الی القرآن کا پہلا مرحلہ قرآن مجید کی تلاوت اور اچھی آواز سے پڑھنا ہے اس مقصد کے حصول کے لئے آئندہ سال ایک ''قراءت کا مقابلہ'' منعقد کرنے اور اس کی Video CD`s بنا کر عام کرنے کا پروگرام ہے اس سے ان شاء اللہ روایتی مذہبی طبقہ کو قریب لانے کا موقع ملے گا۔

قرآن اکیڈمی کی تعمیر کا کام وسائل کے مطابق جاری ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذلک!

جہاد فی سبیل اللہ

اصل حقیقت' اہمیت ولزوم اور مراحل و مدارج

بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کا ایک جامع خطاب

☆صفحات:72 ☆قیمت:15روپے

© rasailojaraid.